Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 ہفتہ، 29 جولائی 2023ء، 10 محرم الحرام 1445ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 95

نگران وزیر اعلی محسن نقوی نے سول سیکرٹریٹ میں 16 کروڑ 27 لاکھ روپے مالیت کی 16 نئی بم ڈسپوزل رسپانس گاڑیاں اور جدید آلات بم ڈسپوزل سکواڈ کے سپرد کردیئے

نگران پنجاب حکومت نے بم ڈسپوزل سکواڈ کو جدید ترین گاڑیوں سے لیس کردیا

موجودہ حالات میں سول ڈیفنس کی اہمیت پہلے سے زیادہ بڑھ گئی ہے، جدید سہولتوں اور آلات سے لیس گاڑیوں سے بم ڈسپوزل سکواڈ کی صلاحیتوں میں مزید اضافہ ہوگا، نگران وزیراعلیٰ پنجاب

نئی بم ڈسپوزل رسپانس گاڑیاں بھکر، چنیوٹ، گجرات، حافظ آباد، جہلم، خانیوال، خوشاب، لیہ، منڈی بہاالدین، مظفر گڑھ، ننکانہ صاحب، اوکاڑہ، پاکپتن، شیخوپورہ، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور وہاڑی کے اضلاع کو دی گئی ہیں

لاہور (نمائندہ خصوصی) نگران پنجاب حکومت کا صوبے کے عوام کے جان و مال کے تحفظ اور تخریبی سرگرمیوں کے بروقت سد باب کیلئے اہم اقدام، بم ڈسپوزل سکواڈ کو جدید ترین گاڑیوں سے لیس کردیا۔ پنجاب کے نگراں وزیراعلی محسن نقوی نے سول سیکرٹریٹ میں 16 کروڑ 27 لاکھ روپے مالیت کی 16 نئی بم ڈسپوزل رسپانس گاڑیاں اور جدید آلات بم ڈسپوزل سکواڈ کے سپرد کردیئے۔ محسن نقوی نے بم ڈسپوزل سکواڈ کو جدید آلات سے لیس کرنے کے اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات میں سول ڈیفنس کی اہمیت پہلے سے زیادہ بڑھ گئی ہے، جدید سہولتوں اور آلات سے لیس گاڑیوں سے بم ڈسپوزل سکواڈ کی صلاحیتوں میں مزید اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بم ڈسپوزل سکواڈ کے لیے جدید آلات کی ٹریننگ کا اہتمام بھی کیا جائے گا۔ نگراں وزیر اعلی پنجاب نے یہ بھی بتایا ہے کہ نئی بم ڈسپوزل رسپانس گاڑیاں بھکر، چنیوٹ، گجرات، حافظ آباد، جہلم، خانیوال، خوشاب، لیہ، منڈی بہاالدین، مظفر گڑھ، ننکانہ صاحب، اوکاڑہ، پاکپتن، شیخوپورہ، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور وہاڑی کے اضلاع کو دی گئی ہیں۔ جدید سہولتوں اور آلات سے لیس گاڑیوں سے بم ڈسپوزل سکواڈ کی صلاحیتوں میں مزید اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بم ڈسپوزل سکواڈ کے لیے جدید آلات کی ٹریننگ کا اہتمام بھی کیا جائے گا۔ نگراں وزیر اعلی پنجاب نے یہ بھی بتایا ہے کہ نئی بم ڈسپوزل رسپانس گاڑیاں بھکر، (بقیہ نمبر 1)

چین اور پاکستان کا ڈیجیٹل راہداری شروع کرنے پر اتفاق، معین الحق

لوگوں کی زندگی کو آسان بنانے کے لیے کئی صنعتوں میں ان مینڈ ایریل وہیکل (UAVs) کا استعمال کیا جارہا ہے

اسلام آباد (خبر نگار) پاکستان نے چین پاکستان ڈیجیٹل کوریڈور شروع کرنے پر بھی اتفاق کیا ہے. چین میں پاکستان کے سفیر معین الحق نے کہا ہے کہ ہم نے چین پاکستان ڈیجیٹل کوریڈور شروع کرنے پر بھی اتفاق کیا ہے، حالیہ برسوں میں آئی ٹی انڈسٹری (بقیہ نمبر 4)

قائد مسلم لیگ ن نواز شریف بہت جلد پاکستان آئینگے، رانا ثناء اللہ

مسلم لیگ ن، کے قائد نواز شریف بہت جلد پاکستان آئیں گے، انہیں سازش کے تحت عملی سیاست سے علیحدہ کیا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ)ن (کے قائد نواز شریف بہت جلد پاکستان آئیں گے، انہیں سازش کے تحت عملی سیاست سے علیحدہ کیا گیا۔ اپنے ایک بیان میں رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ نواز شریف کی سزا عدالتی فیصلہ ہے (بقیہ نمبر 3)

PTI چیئرمین کیخلاف سانحہ 9 مئی کی جے آئی ٹی کو دھمکانے کا مقدمہ

چیئرمین نے دھمکی دی کہ پی ٹی آئی کی حکومت واپس آرہی ہے، آپ سن لیں آپ نے رہنا نہیں ہے، ایف آئی آر

لاہور (نامہ نگار) چیئرمین پی ٹی آئی کیخلاف سانحہ 9 مئی کی جے آئی ٹی کے سربراہ اور ممبران کو دھمکانے کا مقدمہ درج کرلیا گیا۔ لاہور کے تھانہ قلعہ گجر سنگھ میں انچارج انویسٹی قلعہ گجر سنگھ محمد سرور کی مدعیت میں عمران خان کے خلاف رپٹ درج کی گئی مقدمہ (بقیہ نمبر 2)

عاشورہ محرم دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے گہری روحانی اہمیت رکھتا ہے، یہ حضرت امام حسین کی حق کیلئے عظیم جدوجہد، قربانی اور شہادت کا دن ہے، شہباز شریف

شہباز شریف کا یوم عاشور پر مسلمانوں کیلئے پیغام

شہباز شریف نے کہا کہ یوم عاشور ایک یاددہانی ہے کہ انصاف، مساوات اور انسانی وقار کے لیے ہماری جدوجہد کو غیر متزلزل عزم سے ہمکنار ہونا چاہیے، حضرت امام حسین کی قربانی ہمیں سکھاتی ہے

شہباز شریف نے کہا کہ آئیے ہم اپنی روزمرہ زندگی میں حضرت امام حسین اور ساتھیوں کی عظیم مثال کی تقلید کرنے کی کوشش کریں، یہ مثال ہمارے معاشرے میں روشنی کے مینار اور بہترین نمونہ ہیں

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی قربانی ہمیں غیر متزلزل ایمان، راست بازی اور انصاف کے حصول کا انمول سبق سکھاتی ہے، یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ظلم و جبر کے خلاف کھڑا ہونا ایک مسلمان کا اخلاقی فرض ہے

اسلام آباد (خبر نگار) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے یوم عاشور پر مسلمانوں کے لیے پیغام جاری کر دیا۔ شہباز شریف نے اپنے پیغام میں کہا کہ عاشورہ محرم دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے گہری روحانی اہمیت رکھتا ہے، یہ حضرت امام حسین کی حق کیلئے عظیم جدوجہد، قربانی اور شہادت کا دن ہے، اس دن حضرت امام حسین نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ کربلا کی جنگ میں ظلم، جبر اور ناانصافی کے خلاف ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی قربانی ہمیں غیر متزلزل ایمان، راست (بقیہ نمبر 5)



..............اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔..............

سٹیٹ بینک نئی مانیٹری پالیسی کا اعلان 31 جولائی کو کرے گا

سٹیٹ بینک نے اپنی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس پیر 31 جولائی کو طلب کرلیا

کراچی (خبر نگار) سٹیٹ بینک کی جانب سے نئی مانیٹری پالیسی کا اعلان 31 جولائی کو کیا جائے گا۔ سٹیٹ بینک نے اپنی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس پیر 31 جولائی کو طلب کرلیا، جس کے بعد نئی مانیٹری پالیسی کا اعلان کیا جائے گا۔ ترجمان سٹیٹ بینک کے مطابق مانیٹری پالیسی کمیٹی کے (بقیہ نمبر 7)

یوم عاشور کے موقع پر ''آج' 'ملک بھر میں عام تعطیل ہوگی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) یوم عاشور کے موقع پر 10 محرم الحرام کو ملک بھر میں عام تعطیل ہوگی جبکہ تمام سرکاری و نیم سرکاری ادارے بند رہیں گے نیز سٹاک ایکسچینجز، شیڈولڈ بینکس اور (بقیہ نمبر 6)

حضرت امام حسینؑ کی شہادت کا غم، ملک میں 9 محرم کے جلوس، عزاداروں کا ماتم

جلوس کے دوران عزادار ماتم اور نوحہ خوانی کرتے ہوئے شہدائے کربلا پر ڈھائے گئے مظالم کو یاد کرینگے

کراچی میں 9 محرم الحرام کا مرکزی جلوس نشتر پارک سے دوپہر 1 بجے برآمد ہوا، مرکزی مجلس نشترک پارک میں منعقد ہوئی

لاہور، کراچی (خصوصی خبر نگار) کربلا میں نواسہ رسول حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے ساتھیوں کی جانب سے دی گئی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے ملک بھر میں 9 محرم الحرام آج مذہبی عقیدت و احترام سے منایا جا رہا ہے۔ آج نویں محرم کے روز لاہور، (بقیہ نمبر 8)

لاہور، کراچی: حضرت امام حسین کی شہادت کا غم، ملک میں 9 محرم کے جلوس، عزاداروں کا ماتم

نگران وزیراعظم کیلئے 5 نام شارٹ لسٹ کر لئے، تمام افراد سیاستدان ہیں، خواجہ آصف

مجھے نگران وزیراعظم کے حوالے سے کوئی آفر نہیں ہوئی، ن لیگ اور پیپلز پارٹی نے مل کر 4، 5 نام فائنل کئے ہیں

میرے خیال میں 90 دن میں الیکشن ہوں یہی ہمیں سوٹ بھی کرتا ہے، میری ذاتی رائے ہے الیکشن 90 دن سے بھی پہلے ہوں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر مرکزی رہنما و وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ نگران وزیراعظم کیلئے ن لیگ اور پیپلز پارٹی نے 5 نام شارٹ لسٹ کر لئے، تمام افراد سیاستدان ہیں۔ اپنے ایک بیان میں خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ مجھے نگران وزیراعظم کے حوالے سے (بقیہ نمبر 13)

سابق وزیراعظم محمد نواز شریف دبئی سے اٹلی پہنچ گئے

محمد نواز شریف یورپ میں سات دن قیام کے بعد لندن کیلئے روانہ ہوں گے

اسلام آباد (خبر نگار) پاکستان مسلم لیگ ن کے قائد و سابق وزیراعظم محمد نواز شریف دبئی سے اٹلی پہنچ گئے۔ سابق وزیراعظم اپنی فیملی کے ساتھ یورپ کے دورے پر پہنچے ہیں، اٹلی کے بعد (بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناءاللہ خان سے عراق کے سفیر [illegible] نے ملاقات کی

نائن الیون کے بعد دہشت گردی اور انتہا پسندی کی ایک لہر آئی، طاہر اشرفی

آج بھی کھڑے ہوں گے: نمائندہ خصوصی وزیراعظم برائے بین المذاہب ہم آہنگی، چیئرمین پاکستان علما کونسل

ہم پاکستان کیلئے اپنے ملک کے سلامتی کے اداروں، افواج پاکستان اور پولیس کے ساتھ جس طرح پہلے کھڑے ہوئے تھے

فیصل آباد (خصوصی رپورٹر) نمائندہ خصوصی وزیر اعظم برائے بین المذاہب ہم آہنگی، مشرق وسطیٰ و چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ نائن الیون کے بعد دہشت گردی اور انتہا پسندی کی ایک لہر آئی۔ انہوں نے کہا کہ اس قوم، فوج نے اور سلامتی کے اداروں نے ایک طویل جنگ لڑی ہے جس میں 80 ہزار سے زیادہ شہادتوں کے نذرانے پیش کیے گئے، اس میں امام بارگاہیں، مسجدیں شہید ہوئیں، بازاروں میں، گلیوں میں، پارکوں میں، چرچوں میں دھماکے کیے گئے لیکن (بقیہ نمبر12)

ہیپاٹائٹس بی سی کے پھیلاؤ کا بڑا سبب سرنجز کا دوبارہ استعمال ہے، ڈاکٹر فیصل سلطان

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) سابق معاون خصوصی صحت ڈاکٹر فیصل سلطان نے کہا ہے کہ ہیپاٹائٹس بی سی کے پھیلاؤ کا بڑا سبب سرنجز (بقیہ نمبر 15)

ایک گھنٹے میں 29 بلوں کی اسمبلی سے منظوری جمہوریت نہیں مجبوریت ہے: شیخ رشید

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) سربراہ عوامی مسلم لیگ اور سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ ایک گھنٹے میں 29 بلوں کی 24 رکنی اسمبلی سے منظوری جمہوریت نہیں مجبوریت ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں شیخ رشید کا کہنا تھا کہ اسحاق ڈار کا نگران وزیراعظم کا لانچنگ پیڈ ابھی تک فضاء میں نہیں چھوڑا جاسکا کیونکہ اس میں فیول ابھی پورا نہیں بھرا گیا، برادر یوسف شہباز شریف (بقیہ نمبر11)

واقعہ کربلا صبر و تحمل، رواداری، ایثار اور قربانی کا درس دیتا ہے، ایس ایم تنویر

شہدا کربلا کی عظیم قربانیوں کو مشعل راہ بنا کر پاکستان کو امن کا گہوارہ بنایا جاسکتا ہے، صوبائی وزیر

لاہور (سٹی رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت و تجارت ایس ایم تنویر نے کہا ہے کہ اسلامی تاریخ میں محرم الحرام نہایت عزت اور فضیلت والا مہینہ ہے، اس ماہ حضرت امام حسین نے اپنے جانثار ساتھیوں (بقیہ نمبر 9)

پرویز خٹک نے پارٹی کے آئین اور منشور کی تیاری پر کام شروع کر دیا

محمود خان کو پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز کا نائب چیئرمین بنائے جانے کا امکان ہے

پشاور (جنرل رپورٹر) پرویز خٹک نے پارٹی کے آئین و منشور کی تیاری پر کام شروع کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق محمود خان کو پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز کا نائب چیئرمین اور ضیا بنگش کو سیکرٹری اطلاعات بنائے جانے کا امکان ہے۔ پرویز خٹک کی جانب سے پارٹی کے دیگر عہدیداروں کیلئے بھی (بقیہ نمبر 10)

نگران صوبائی وزیر اطلاعات عامر میر کا محرم الحرام کے سلسلہ میں امام بارگاہوں کا دورہ

مر میر کا محرم الحرام کے سلسلہ میں امام بارگاہوں کا دورہ سکیورٹی انتظامات سمیت دیگر معاملات کا جائزہ لیا گیا

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران تمام ادارے پوری جانفشانی سے اپنے فرائض سرانجام دیں

شیخوپورہ (خصوصی رپورٹر) نگراں صوبائی وزیر اطلاعات عامر میر کا محرم الحرام کے سلسلہ میں امام بارگاہوں کا دورہ سکیورٹی انتظامات سمیت دیگر معاملات کا جائزہ لیا گیا میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران تمام ادارے پوری جانفشانی سے اپنے (بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان، ہیپاٹائٹس کے مرض میں اضافہ بعض اضلاع میں بیماری کی شرح 9 فیصد تک پہنچ گئی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان میں ہیپاٹائٹس سے متاثرہ افراد کی تعداد میں اضافہ ہونے لگا۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان میں ہیپاٹائٹس سے متاثرہ افراد تیزی سے بڑھنے لگی ہے، صوبے (بقیہ نمبر 17)

عدالت نے وفاقی وزیر داخلہ کے گھر پر حملہ کے مقدمہ کی تفتیش مکمل نہ کرنے پر جے آئی ٹی کو ریکارڈ سمیت طلب کرلیا

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) انسداد دہشت گردی کی عدالت نے وفاقی وزیر داخلہ کے گھر پر حملہ کے مقدمہ کی تفتیش مکمل نہ کرنے پر جے آئی ٹی (بقیہ نمبر20)

ملک بھر میں 9 محرم الحرام؛ لوگوں نے اپنے پیاروں کی قبروں پر حاضری دی

ملک بھر میں نو اور دس محرم الحرام کی مناسبت سے وسیع پیمانے پر نذر و نیاز تقسیم کرنے کا اہتمام کیا جاتا ہے

لاہور (جنرل رپورٹر) ملک بھر میں نویں محرم الحرام کی مناسبت سے نذر و نیاز تقسیم کرنے کا اہتمام کیا گیا، لوگوں نے اپنے پیاروں کی قبروں پر حاضری دی اور بوسیدہ قبروں کی لپائی کی (بقیہ نمبر 19)

حضرت داتا گنج بخش کے مزار پر غسل کی تقریب، اسحاق ڈار، محسن نقوی کی شرکت

نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی اور وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے داتا دربار کے توسیعی منصوبے کا سنگ بنیاد بھی رکھا

حضرت علی ہجویری کو 50 من عرق گلاب سے غسل دیا گیا، وزیر خزانہ اسحاق ڈار اور نگران وزیر اعلی پنجاب محسن نقوی نے مزار پر چادر پوشی کی

لاہور (خصوصی رپورٹر) حضرت علی ہجویری داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کے مزار کو غسل دینے کی 980 ویں تقریب منعقد ہوئی، وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار اور نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی نے خصوصی شرکت کی۔ سادہ مگر پروقار تقریب میں مزار حضرت علی ہجویری کو 50 من عرق گلاب سے غسل دیا گیا، وزیر خزانہ اسحاق ڈار اور نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی نے مزار پر چادر پوشی کی، اس موقع پر قومی و ملکی سلامتی و استحکام اور ترقی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔ نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی اور وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے داتا دربار کے توسیعی منصوبے کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔ وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے (بقیہ نمبر 24)



لاہور: حضرت علی ہجویری داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کے مزار کو غسل دینے کے مناظر

لاہور: نگران وزیر اعلی پنجاب محسن نقوی نے سیف سٹیز ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کر رہے ہیں

دریائے چناب میں پانی کی سطح بلند، زمیندارہ بند ٹوٹ گیا، فصلیں تباہ

بند ٹوٹنے کے باعث سیلابی پانی بیٹ آہیر، بیٹ مراد، بیٹ بھترہ میں داخل ہوگیا

لیاقت پور (جنرل رپورٹر) دریائے چناب میں پانی کی سطح بلند ہونے سے زمیندارہ بند ٹوٹ گیا، سیکڑوں پر کھڑی فصلیں تباہ ہوگئیں۔ بند ٹوٹنے کے باعث سیلابی پانی بیٹ آہیر، بیٹ مراد، بیٹ بھترہ میں داخل ہوگیا، سیلاب کے باعث کپاس، تل، مکئی اور چارہ جات کی فصلیں تباہ ہوگئیں۔ انتظامیہ کی جانب سے کوئی دادرسی نہ ہونے کی وجہ سے لوگ اپنی مدد آپ کے تحت مال مویشیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کر رہے ہیں۔ دریائے چناب میں پانی کی سطح بلند ہونے سے زمیندارہ بند ٹوٹ گیا، سیکڑوں پر کھڑی فصلیں تباہ ہو گئیں۔ بند ٹوٹنے کے باعث سیلابی پانی بیٹ آہیر، بیٹ مراد، بیٹ بھترہ میں (بقیہ نمبر 16)

کراچی: سرجانی ٹاؤن میں کرنٹ لگنے سے ماں اور بیٹی جاں بحق

ریسکیو ذرائع کا بتانا ہے کہ ماں کی شناخت مہک اور بیٹی کی فاطمہ کے نام سے ہوئی ہے

کراچی (جنرل رپورٹر) کراچی کے علاقے سرجانی ٹاؤن میں کرنٹ لگنے سے ماں اور بیٹی جاں بحق ہوگئیں۔ ریسکیو ذرائع کا بتانا ہے کہ ماں کی شناخت مہک اور بیٹی کی فاطمہ کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ دونوں ماں، بیٹی کو گھر میں پانی کی موٹر سے کرنٹ لگا جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی دم توڑ گئیں، دونوں کو کرنٹ لگنے کے بعد فوری ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں ڈاکٹروں نے ان کی (بقیہ نمبر 21)

توہین الیکشن کمیشن کیس: چیئرمین پی ٹی آئی ذاتی حیثیت میں طلب

الیکشن کمیشن نے چیئرمین پی ٹی آئی وکلا کی ریکارڈ فراہمی کی استدعا بھی منظور کرلی

چیئرمین پی ٹی آئی کی پیشی کے بعد ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری وقتی طور پر معطل کیے جاتے ہیں۔

لاہور (نیوز رپورٹر) چیئرمین پی ٹی آئی کیخلاف توہین الیکشن کمیشن کیس میں 25 جولائی کی سماعت کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا گیا۔ الیکشن کمیشن نے چیئرمین پی ٹی آئی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری معطل کر کے توہین الیکشن کمیشن کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی کو 2 اگست کو ذاتی (بقیہ نمبر 22)

کینٹ بورڈ افسران کی کھلی کچہری، عوامی نمائندوں کیساتھ بدسلوکی پر انکوائری کا مطالبہ

آرمی چیف، ڈی جی ملٹری، اسٹیشن کمانڈر راولپنڈی بدنامی کا باعث بننے والے حکام کا نوٹس لیں

ایگزیکٹو آفیسر کو خود کھلی کچہری کرنی چاہیے، ٹیکسز لینے والے ادارے میں عورتوں مردوں کا احترام ہونا چاہیے، شہری

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) اہلیان شالے ویلی رینج روڈ راولپنڈی نے کینٹ بورڈ کھلی کچہری میں صدر شالے ویلی عبدالماجد سعید سجانی کے ساتھ کینٹ بورڈ عملے کی بدتمیزی گالم گلوچ اور حملہ آور ہونے کے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو فی الفور ٹرانسفر کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے چیف آف آرمی سٹاف، ڈی جی ملٹری لینڈ کنٹونمنٹ بورڈ طارق ضمیر اور اسٹیشن کمانڈر راولپنڈی بریگیڈیئر سلیمان نذر کے نام تحریری درخواست میں کہا کہ 25 جولائی کو ڈپٹی ایگزیکٹو آفیسر تنویر کلو ہمراہ (بقیہ نمبر 23)

ملک بھر سے نمائندگان درکار ہے

نمائندگی کے خواہشمند خواتین و حضرات اپنا تجربہ، شناختی کارڈ کی تصویر، اپنی تصویر، یونین کونسل نمبر، شہر کا نام لکھ کر دیے گئے نمبر پر واٹس ایپ کیجیے۔

واٹس ایپ: 0312-7786354

عوام کی بے ساختہ للکار

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں.

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

- News Website
- Business Website
- School Website
- TV Channel Website

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

خواتین و بچوں کے تحفظ کیلئے نئی ڈولفن فورس

ڈولفن پولیس نے لاہور میں خواتین اور بچوں کی حفاظت اور مدد کے لیے سائیکل سوار جوانوں کا دستہ شہر کے مختلف علاقوں میں متعین کردیا ہے۔ یہ دستہ فی الحال 24 سائیکل سواروں پر مشتمل ہے اور شہر کے 12 مقامات پر تعینات کیا گیا ہے، تاہم اِس کی کامیاب کارکردگی کے بعد ہی مزید تربیت یافتہ دستے مختلف شہروں میں تعینات کیے جائیں گے۔ ڈولفن فورس کے ترجمان کی طرف سے بتایا گیا ہے کہ شہر میں خواتین کو ہراساں کرنے اور بچوں کے اغوا کے واقعات پیش آ رہے تھے، مجرم اِس مقصد کے لیے چھوٹے اور تنگ راستے استعمال کرتے تھے چنانچہ جرائم پر قابو پانے کے لیے یہ دستے تیار کئے گئے ہیں جو خصوصی تربیت یافتہ ہیں اور تنگ راستوں میں بھی جاسکیں گے اِس سے خواتین کی ہراسگی اور بچوں کے اغوا جیسے جرائم پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ ڈولفن فورس نے بظاہر ایک بہتر قدم اٹھایا ہے کہ اِس کے ذریعے ان علاقوں تک بھی پولیس کو بروقت رسائی حاصل ہوگی جہاں قانون نافذ کرنے والے ادارے تیزی سے پہنچ نہیں پاتے اور ایسی گلیوں اور محلوں میں مجرم وارداتیں کرکے فرار ہونے میں باآسانی کامیاب ہو جاتے ہیں۔ ڈولفن پولیس نے لاہور میں خواتین اور بچوں کی حفاظت اور مدد کے لیے سائیکل سوار جوانوں کا دستہ شہر کے مختلف علاقوں میں متعین کردیا ہے۔ یہ دستہ فی الحال 24 سائیکل سواروں پر مشتمل ہے اور شہر کے 12 مقامات پر تعینات کیا گیا ہے، تاہم اِس کی کامیاب کارکردگی کے بعد ہی مزید تربیت یافتہ دستے مختلف شہروں میں تعینات کیے جائیں گے۔ ڈولفن فورس کے ترجمان کی طرف سے بتایا گیا ہے کہ شہر میں خواتین کو ہراساں کرنے اور بچوں کے اغوا کے واقعات پیش آ رہے تھے، مجرم اِس مقصد کے لیے چھوٹے اور تنگ راستے استعمال کرتے تھے چنانچہ جرائم پر قابو پانے کے لیے یہ دستے تیار کئے گئے ہیں جو خصوصی تربیت یافتہ ہیں اور تنگ راستوں میں بھی جاسکیں گے اِس سے خواتین کی ہراسگی اور بچوں کے اغوا جیسے جرائم پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ ڈولفن فورس نے بظاہر ایک بہتر قدم اٹھایا ہے کہ اِس کے ذریعے ان علاقوں تک بھی پولیس کو بروقت رسائی حاصل ہوگی جہاں قانون نافذ کرنے والے ادارے تیزی سے پہنچ نہیں پاتے اور ایسی گلیوں اور محلوں میں مجرم وارداتیں کرکے فرار ہونے میں باآسانی کامیاب ہوجاتے ہیں۔ ڈولفن پولیس نے لاہور میں خواتین اور بچوں کی حفاظت اور مدد کے لیے سائیکل سوار جوانوں کا دستہ شہر کے مختلف علاقوں میں متعین کردیا ہے۔ یہ دستہ فی الحال 24 سائیکل سواروں پر مشتمل ہے اور شہر کے 12 مقامات پر تعینات کیا گیا ہے، تاہم اِس کی کامیاب کارکردگی کے بعد ہی مزید تربیت یافتہ دستے مختلف شہروں میں تعینات کیے جائیں گے۔ ڈولفن فورس کے ترجمان کی طرف سے بتایا گیا ہے کہ شہر میں خواتین کو ہراساں کرنے اور بچوں کے اغوا کے واقعات پیش آ رہے تھے، مجرم اِس مقصد کے لیے چھوٹے اور تنگ راستے استعمال کرتے تھے چنانچہ جرائم پر قابو پانے کے لیے یہ دستے تیار کئے گئے ہیں جو خصوصی تربیت یافتہ ہیں اور تنگ راستوں میں بھی جاسکیں گے اِس سے خواتین کی ہراسگی اور بچوں کے اغوا جیسے جرائم پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ ڈولفن فورس نے بظاہر ایک بہتر قدم اٹھایا ہے کہ اِس کے ذریعے ان علاقوں تک بھی پولیس کو بروقت رسائی حاصل ہوگی جہاں قانون نافذ کرنے والے ادارے تیزی سے پہنچ نہیں پاتے اور ایسی گلیوں اور محلوں میں مجرم وارداتیں کرکے فرار ہونے میں باآسانی کامیاب ہو جاتے ہیں۔ ڈولفن پولیس نے لاہور میں خواتین اور بچوں کی حفاظت اور مدد کے لیے سائیکل سوار جوانوں کا دستہ شہر کے مختلف علاقوں میں متعین کردیا ہے۔

ہمارے لئے مرگئی: اور بی آئی یو سکینڈل

فضل حسین اعوان

وہ ہماری بیٹی تھی، مگر اب ہمارے لئے مرگئی ہے۔ یہ الفاظ اس شخص کے ہیں جس کی بیٹی نے پاکستان بھارت کی سیما قانون کے تقاضے پورے کرتے ہوئے عبور کی۔ انجو 22 جولائی کو واہگہ بارڈر کے راستے پاکستان آئی۔ اس کی دِیر کے نوجوان نصراللہ سے فیس بک پر دوستی ہوئی تھی، گو بھارانڈیا کی انجو دیر پہنچی، اس کی طرف سے شروع میں کہا گیا کہ وہ ایک دو روز میں واپس چلی جائے گی، پھر خبر آئی اس نے اسلام قبول کرکے نصراللہ سے نکاح کرلیا ہے، انجو کا نام فاطمہ رکھا گیا، اس کے باپ گایا پرساد تھامس کا کہنا ہے۔ میں بھارتی حکومت سے انجو کو پاکستان سے واپس لانے کی اپیل نہیں کروں گا، میں تو کہوں گا اسے ادھر ہی مرنے دیں، اس کی بیٹی کی عمر 13 سال اور بیٹے کی عمر 5 سال ہے، اس نے اپنے بچوں اور شوہر کا مستقبل برباد کردیا، اس نے یہی کرنا تھا تو پہلے شوہر سے طلاق لیتی۔ اس لڑکی کے پہلے شوہر اروند کمار کو اب بھی امید ہے کہ وہ واپس اس کے پاس آجائے گی۔ اروند کمار مذہبا مسیحی ہے۔ کل کی انجو عیسائیت چھوڑ کر مسلمان ہوئی۔

آج کی فاطمہ اپنے بچوں کو وہیں چھوڑ آئی، جبکہ اس کی طرح ایک لڑکی پاکستان سے بھی بھارت گئی۔ اس کا نام سیما ہے۔ اس کے چار بچے ہیں، سیما کا خاوند غلام حیدر سعودی عرب میں مقیم ہے، سیما کی بھارت میں فیس بک کے ذریعے سچن سنگھ سے دوستی ہوئی، پب جی گیم کھیلتے ہوئے ان کے مابین فاصلے سمٹتے چلے گئے۔ سعودی عرب سے آنے والے پیسے کی بہتات تھی، اس خود مختار لڑکی نے اپنا گھر بھی بیچا، یہ کراچی سے دبئی گئی، وہاں سے نیپال جاپہنچی، سچن سنگھ بھی وہیں آگیا، جہاں دونوں نے 13 مارچ کو شادی کرلی، نیپال سے شادی اور مسلمان سے ہندو ہونے کے بعد سیما کراچی واپس آئی، تینوں بیٹیوں اور بیٹے کا پاسپورٹ بنوایا۔ پھر دبئی گئی وہاں سے نیپال، آگے بس میں دہلی اور پھر 13 مئی کو نوائیڈا سچن کے پاس پہنچ گئی، اس کے بچوں کی عمریں 2 سے 8 سال کے درمیان ہیں، سیما نے حیدر کے ساتھ بھی مرضی کی شادی کی تھی، سیما کا آبائی تعلق سندھ کے ضلع خیر پور کے گاں رندھاجانو سے ہے۔ وہ گاں کی ماڈرن لڑکی تھی، جسے اداکاری کا شوق تھا۔ وہ گاں میں جس لڑکے سے شادی کرنا چاہتی تھی وہ نہ ہوسکی تو گاں چھوڑ گئی، اس کی جیکب آباد کے غلام حیدر سے ملاقات ہوئی، یہ اس کی دوسری محبت تھی، یہ اپنے والدین کے لئے اسی روز مرگئی تھی جب گاں میں موبائل فون استعمال کرنے والی اس واحد لڑکی نے گھر کی دہلیز سے باہر قدم رکھا، اب سسرال والے بھی اس پر اناللہ پڑھ رہے ہیں، ان کا تعلق گاں لال جکھرانی جیکب آباد سے ہے۔

ہمارے اپنے گاں کی ایف اے کی طالبہ نے موبائل کے ذریعے پروان چڑھنے والی دوستی کی بناپر والدین کو چھوڑ کر اپنی دنیا بسالی، اس کے والدین نے لڑکی کے اغوا کا کیس درج کرایا، یہ کیس لاہور ہائیکورٹ کے جج جسٹس سرفراز ڈوگر کی عدالت میں لگا، لڑکی وہاں لائی گئی اس نے بیان دیا کہ وہ بالغ ہے اور مرضی کی شادی کرچکی ہے۔ جج صاحب نے والدین سے دس منٹ کی ملاقات کا کہا تو لڑکی نے بپھرتے ہوئے جواب دیا، آپ کیوں کہہ رہے ہیں۔ میں نے نہیں ملنا مجھے ان سے خطرہ ہے۔ والدین بیٹی کی لغزش معاف کرنے پر تیار ہیں، مگر لڑکی ملنے اور ماننے پر آمادہ نہیں، جج صاحب کی طرف سے قانون کے مطابق لڑکی کو اس کی مرضی کے خاوند کے ساتھ جانے کا فیصلہ سنانا پڑا۔ اس روز میں جسٹس سرفراز ڈوگر کی عدالت کے نیچے چیف جسٹس امیر بھٹی کی عدالت میں عمران ریاض خان بازیابی کیس کی سماعت کی کوریج کے لئے موجود تھا۔ اس کیس سے پہلے چند دوسرے کیسز تھے، ان میں ایک لڑکے کے وکلا کہہ رہے تھے لڑکے کو ان لوگوں سے خطرہ ہے، جن کی بیٹی سے اس نے کورٹ میرج کی ہے۔ چیف جسٹس نے برہمی سے یہ کہتے ہوئے درخواست مسترد کردی۔ والدین بچیوں کی پرورش اس لئے نہیں کرتے کہ کوئی ان کو ورغلا کرلے جائے اور شادی کرلے۔ جا لڑکی کے والدین سے بات کرو۔

ہمارے گاں کی مذکورہ لڑکی تو والدین کے لئے نہیں مری، مگر وہ اس کے غم میں مر رہے ہیں۔ شاید اسی لئے کسی دور میں لوگ بچیوں کو پیدا ہوتے ہی زندہ دفن کردیتے تھے۔ کچھ تو اب بھی بیٹیوں کے پیدا نہ ہونے کی دعا کرتے ہیں۔

ادھر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں جو کچھ ہوا جو تفصیلات سامنے آرہی ہیں وہ کوئی تعجب خیز نہیں یہ معاشرے کا آئینہ ہے مگر اس میں مبالغہ آرائی کی بھی حد کردی گئی ہے۔ ڈی پی او کے مطابق پولیس منشیات کے خلاف آپریشن کررہی تھی۔ یونیورسٹی میں منشیات میں ملوث طلبا کی تعداد 113 بتائی گئی ہے۔ چیف سکیورٹی افسر میجر اعجاز شاہ کی ناکے پر گاڑی روک کر تلاشی لی گئی۔ ان سے پانچ گرام آئس برآمد ہوئی۔ یہ پانچ گرام انہوں نے خود پینی تھی یا سمگل کرنی تھی؟ ان سے کچھ ادویات ملیں، ایک لڑکی ساتھ بیٹھی تھی۔ سب ایف آئی آر میں درج ہے۔ اس کے بعد ان کے موبائل سے ساڑھے پانچ ہزار قابل اعتراض ویڈیوز موجود ہونے کی خبریں سامنے آئیں۔ قبل ازیں پروفیسر ابوبکر کو حراست میں لیا گیا تھا۔ ان کے موبائل میں سات ہزار دو سو ویڈیوز کی موجودگی کا ذکر تھا، جس طرح کی باتیں ہورہی ہیں اس سے درسگاہوں کے تقدس کی پامالی میں کوئی کسر نہیں رہ گئی۔ سچ اور جھوٹ میں فرق کرنا ناممکن ہوچکا ہے۔ کچھ دانشور ہر طالبہ کا کردار مشکوک بنانے پر تلے ہیں۔ ان کو ہر طالب علم نشئی منشیات فروش نظر آتا ہے۔ چپڑاسی سے گارڈز سمیت وی سی تک ہر ملازم کو جنسی بھیڑیا قرار دینے کی مہم چل رہی ہے۔ یونیورسٹی میں خرافات اور خرابات سے انکار ممکن نہیں۔ منشیات بھی چلتی ہوں گی۔ کچھ طالبات کو استعمال کیا جانا کچھ کا بلیک میل ہوکر یا مرضی سے استعمال ہونا بعید از قیاس نہیں۔ مگر اس میں کتنے لوگ ملوث ہوں گے؟؟؟

یونیورسٹی کے طلبا و طالبات کی تعداد 65 ہزار ہے۔ ان میں سے 113 منشیات میں ملوث ہیں۔ یہ تعداد ایک فیصد بھی نہیں بنتی۔ یہی نسبت یا اس سے کچھ زیادہ دیگر جرائم کی ہوسکتی ہے۔ ایسے معاملات دو فیصد لوگ ملوث ہوں تو بھی تعداد 1300 بنتی ہے۔ لڑکیوں کو بلیک میل کرنے والے کتنے ہوں گے؟ سارے کے سارے تو نہیں ہوسکتے۔ جتنے بھی ہیں وہ کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ ان کو عبرت بنا کر ہی ایسے واقعات کے اعادہ کو روکا جاسکتا ہے۔ اس ساتھ انتظامیہ بھی جاگے۔ یونیورسٹی اور وابستگان کو گالی نہ بننے دے۔

اس معاملے کو اچھالنے کے پیچھے چہروں کو بھی بے نقاب کرنا لازم ہے۔ یہ اس لئے بھی ناگزیر ہے کہ 99 فیصد، بلکہ اس بھی زیادہ اپنے کام سے کام اور تعلیم پر توجہ مرکوز رکھنے والی بچیاں احساس کمتری کا شکار نہ ہوں۔ مافیاز نے ایسا تاثر قائم کردیا کہ درسگاہ سے وابستہ لوگ منہ چھپانے پر مجبور ہیں۔ وزرا کے بھی سکینڈل میں نام آرہے ہیں۔ یہ معاملہ اعلی سطح کی تحقیقات کا متقاضی ہے۔

سازشوں کی ریل پیل

حامد ولید

اسحٰق ڈار نگران وزیراعظم بنیں نہ بنیں میڈیا ضرور ان پر نگران اعلی بنا ہوا ہے، ایک حلقے کی جانب سے سرتوڑ کوشش کہ اسحٰق ڈار کو روکا جائے، اب سنیئر صحافی نصرت جاوید کا کالم یاد آتا ہے جس میں انہوں نے اسلام آباد سے چند صحافیوں کے یورپی یونین جانے کا تذکرہ کیا تھا اور کہا تھا کہ شنید ہے کہ ان لوگوں کو انتخابی نتائج متنازع بنانے کا ٹاسک دیا گیا ہے، اگرچہ اس پر جناب حامد میر کی وضاحت بھی آگئی تھی مگر جس طرح اسحٰق ڈار صاحب کا نام گردش میں لایا گیا) جس صحافی نے ان کے نگران وزیراعظم بننے کی خبر دی وہ یورپی یونین جانے والوں میں شامل بھی تھے (اور پھر اسے بحث کا موضوع بنا کران کے خلاف رائے عامہ ہموار کی جارہی ہے اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ سوچنے والوں نے بہت کچھ سوچ رکھا ہے۔ وہ نگران حکومت کی تقرری سے انتخابات کے نتائج تک ہر ایک مرحلے پر ایسا کنفیوژن پھیلائیں گے جس کا مقصد نون لیگ کو دیوار سے لگائے رکھنا ہے اور کسی نہ کسی طرح عمران خان کے لئے انتخابی مراعات حاصل کرنا ہے۔ عین ممکن ہے اسٹیبلشمنٹ پر بھی ایسا ہی پریشر ہو اور وہ عمران خان کو نااہلی کی تلوار کے نیچے لے جانے کے لئے ہر قدم پھونک پھونک کر رکھنے پر مجبور ہو۔ پاکستان میں اب مقامی نہیں بین الاقوامی سیاسی کھلاڑی کھیل رہے ہیں، چین اور امریکہ کے مفادات کھیل رہے ہیں، مڈل ایسٹ اور ویسٹ کے فنڈ کھیل رہے ہیں، پاکستان میں روپے کی ریل پیل ہو نہ ہو، سازشوں کی ریل پیل ضرور لگی ہوئی ہے، یہاں کئی مقامی کردوغلو سلمان شاہ کی جان کے درپے اور ارطغرل کے حق اقتدار کے خلاف سرگرم ہیں جن کو صلیبیوں کی جانب سے اشرفیوں کے صندوق ملے ہوئے ہیں۔

پاکستان میں انتخابات ہمیشہ متنازع رہے، حتی کہ خود پاکستان متنازع ہوگیا اور پھر اس میں مشرقی پاکستان علیحدہ ہوگیا، ہوگیا یا کیا گیا ہم ابھی تک اس بحث کا نتیجہ نہیں نکال سکے اور علیحدہ ہونے والوں نے اپنا راستہ پکڑا اور آج ان کی ایکسپورٹس ہمارے لئے شرم کا مقام بنی ہوئی ہیں، ہم سانپ کی لکیر کو پیٹ رہے ہیں کیونکہ ہمارے دشمن ایسی ہی لکیر کبھی جناح پور کی شکل میں ڈال دیتے ہیں تو کبھی گریٹر بلوچستان کے نام پر ڈال کر تماشا دیکھتے ہیں اور ہماری فوج ان لکیروں پر لشکر کشی میں جتی ہوئی ہے، ہمیں باہر سے نہیں اندرہ سے خطرہ ہے بلکہ اندر کے بھی اندر سے خطرہ ہے کیونکہ ہمارے لوگ کھیل تماشے کے عادی ہیں، ٹھٹھہ لگانے، اوئے اوئے کرکے تالیاں بجانے اور موقع لگنے پر پوری دیگ ہی اٹھا کر بھاگ جانے والے لوگ ہیں۔ ان کے نزدیک غم ترک وفا کچھ بھی نہیں اور مطمئن ایسے ہیں جیسے ہوا کچھ بھی نہیں!

اگلے عام انتخابات ہوں یا اگلے نگران وزیراعظم کا انتخاب، میڈیا کا ایک حلقہ جانے کس کو وزیراعظم چاہتا ہے، دوسرا تو صرف یہ دیکھ رہا ہے کہ جو کچھ پہلا حصہ چاہتا ہے وہ کچھ حاصل کرسکے گا یا نہیں، یار لوگ حکومت کے ہر قانون اور ہر کام میں کیڑے نکال رہے ہیں اور کیڑے نکالنے کو صحافت کا نام دیئے ہوئے ہیں، معلومات دینے کی بجائے انہیں توڑ مروڑ کر پیش کرنے کا نام صحافت رکھ دیا ہوا ہے، ان سے کوئی پوچھے تو آزادی صحافت کا ڈنڈا لے کر نکل آتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ سیاستدانوں نے اب صحافیوں کو بھی ناپسندیدہ کی فہرست میں ڈال کر نگران وزارت عظمی کی دوڑ سے ان کا پتہ صاف کردیا ہے۔ یہ لوگ 2013 میں عمران خان کی تصویر والی ٹی شرٹس پہن کر اور پہنوا کر پروگرام کرتے پائے جاتے تھے، 2018 کے انتخابات میں نواز شریف کے خلاف چور ڈاکو کے پراپیگنڈے کا حصہ بنے ہوئے تھے اور اب 2023 میں عمران خان کے بغیر انتخابات کو متنازع بنانے کا جتن کر رہے ہیں، ان کو عمران خان سے نہیں اپنے مفادات سے پیار ہے، بلکہ مفادات کے مفاد سے پیار ہے، ان کو نواز شریف سے مسئلہ ہے اور عالمی طاقتوں کو بھی کوئی ایسا لیڈر چاہئے جو نواز شریف سے زیادہ مغرب کو جانتا ہو اور مزید جاننے کی خواہش رکھتا ہو، جسے اسرائیل اور انڈیا سے پارٹی فنڈ لینے میں بھی تردد نہ ہو اور جو ملک بھر کی سیاسی برادری کو اپنی تقاریر کے ذریعے روز ننگا کرکے تماشہ لگاتا ہو۔ کیا کیجئے کہ اس صورت حال کا حل بھی انتخابات کے بروقت انعقاد میں ہی ہے، عوام کو اظہار رائے کا موقع مل جائے تو معاملہ سدھر سکتا ہے لیکن وہاں بھی خطرہ ہے کہ کہیں رائے عامہ کو معتوب نہ کرلیا جائے اس لئے ملک کے بڑے چھوٹی چھوٹی پریشانیوں میں مبتلا ہیں اور چاہتے ہیں کہ اگر شہباز شریف کو مزید ایک سال نہیں مل سکتا ہے تو نگران سیٹ اپ کو ضرور ملنا چاہئے تاکہ انہوں نے جس عالمی سازش کو ناکام بنایا ہے، اس کے اثرات سے نپٹا جاسکے۔ اس کے لئے انہیں کبھی آئی ایم ایف سے لڑنا پڑتا ہے تو کبھی امریکہ کو سننا پڑتا ہے لیکن ہمارے اپنے لوگ گھر کو آگ لگا کر تماشہ دیکھنے میں لگے ہوئے ہیں۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ میڈیا کا ایک حصہ 9 مئی کے سانحے کا تذکرہ کرنا بھی غیر ضروری سمجھتا ہے، ہماری اسٹیبلشمنٹ کبھی اس قدر تنہا نہ ہوئی ہوگی جتنی اب دکھائی دیتی ہے، ابھی تک پچھلی اسٹیبلشمنٹ کی باقیات ٹی وی چینلوں سے چمٹی ہوئی ہیں اور انہی کے لئے رطب اللسان ہے، ان کا بس چلے تو موجودہ اسٹیبلشمنٹ کے بارے میں وہ باتیں سرعام کریں جو وہ اپنی نجی محفلوں میں کرکے دل کی بھڑاس نکالتے ہیں، آئندہ عام انتخابات اتنے بھی عام نہ ہوں گے کہ لوگ اپنی مرضی کرسکیں، اس مرتبہ داخلی نہیں خارجی اسٹیبلشمنٹ ان کا مینڈیٹ چھینے گی اور چھین نہ سکی تو متنازع بنادے گی! اگلے عام انتخابات ہوں یا اگلے نگران وزیراعظم کا انتخاب، میڈیا کا ایک حلقہ جانے کس کو وزیراعظم چاہتا ہے، دوسرا تو صرف یہ دیکھ رہا ہے کہ جو کچھ پہلا حصہ چاہتا ہے وہ کچھ حاصل کرسکے گا یا نہیں، یار لوگ حکومت کے ہر قانون اور ہر کام میں کیڑے نکال رہے ہیں اور کیڑے نکالنے کو صحافت کا نام دیئے ہوئے ہیں، معلومات دینے کی بجائے انہیں توڑ مروڑ کر پیش کرنے کا نام صحافت رکھ دیا ہوا ہے، ان سے کوئی پوچھے تو آزادی صحافت کا ڈنڈا لے کر نکل آتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ سیاستدانوں نے اب صحافیوں کو بھی ناپسندیدہ کی فہرست میں ڈال کر نگران وزارت عظمی کی دوڑ سے ان کا پتہ صاف کردیا ہے۔ یہ لوگ 2013 میں عمران خان کی تصویر والی ٹی شرٹس پہن کر اور پہنوا کر پروگرام کرتے پائے جاتے تھے، 2018 کے انتخابات میں نواز شریف کے خلاف چور ڈاکو کے پراپیگنڈے کا حصہ بنے ہوئے تھے اور اب 2023 میں عمران خان کے بغیر انتخابات کو متنازع بنانے کا جتن کررہے ہیں، ان کو عمران خان سے نہیں اپنے مفادات سے پیار ہے، بلکہ مفادات کے مفاد سے پیار ہے، ان کو نواز شریف سے مسئلہ ہے اور عالمی طاقتوں کو بھی کوئی ایسا لیڈر چاہئے جو نواز شریف سے زیادہ مغرب کو جانتا ہو اور مزید جاننے کی خواہش رکھتا ہو، جسے اسرائیل اور انڈیا سے پارٹی فنڈ لینے میں بھی تردد نہ ہو اور جو ملک بھر کی سیاسی برادری کو اپنی تقاریر کے ذریعے روز ننگا کرکے تماشہ لگاتا ہو۔ کیا کیجئے کہ اس صورت حال کا حل بھی انتخابات کے بروقت انعقاد میں ہی ہے، عوام کو اظہار رائے کا موقع مل جائے۔

گلشن میں بہار کے کچھ آثار ہوئے تو ہیں

شہریار احمد خان

ہم نے اپنے گزشتہ سے پیوستہ کالم میں وطن عزیز میں فنی تعلیم اور مہارتوں کے حوالے سے اپنے ازلی حریف بھارت سرکار کی پالیسیوں سے ایک تقابلی جائزے کے بعد کچھ گزارشات پیش کی تھیں امید ہے کہ ہماری وفاقی اور صوبائی حکومتیں اس ضمن میں خاطر خواہ قدم اٹھائیں گی آج اسی حوالے سے دوسرا کالم قارئین کی نظر ہے پاکستان میں کل آبادی کا تقریبا ستر فیصد نوجوانوں پر مشتمل ہے اور ان میں 70% سے 36% افراد 16 سے 30 سال تک کے نوجوان ہیں اور یہ وہ عمر کا حصہ ہے جس میں انسان کا انرجی لیول نہایت اعلی سطح پر ہوتا ہے عمر کے اس حصے میں نئی چیزیں سیکھنے کی صلاحیت اپنی بہترین سطح پر ہوتی ہے لیکن ہمارے نظام تعلیم کی یہ ایک بہت بڑی خامی ہے کہ ہم ان لاکھوں نوجوانوں کو جو حقیقی طور پر ہمارا اثاثہ ثابت ہوسکتے ہیں ایک بوجھ میں تبدیل کردیتے ہیں چین جاپان بھارت سمیت وہ ممالک جنہوں نے فنی تعلیم کے حوالے سے خاطر خواہ کامیابیاں حاصل کی ہیں وہ پرائمری اور سیکنڈری سطح پر ہی طلبا کو کوئی ایک فنی مہارت سکھانا شروع کر دیتے ہیں اور 16 سال کی عمر کو پہنچنے تک وہ روایتی تعلیم کے ساتھ ساتھ ایک ہنر مند فرد بھی بن جاتا ہے لیکن ہمارے ہاں اس قسم کا کوئی سسٹم موجود نہیں۔ فنی تعلیم اور ہنرکاری کے حوالے سے پیچھے رہ جانے کی ایک وجہ ہمارے معاشرتی رویے بھی ہیں ہمارے ہاں ابھی تک بعض پیشوں کو حقارت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ مثلا حجام، لوہار، بڑھئی، کمہار وغیرہ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اپنے سکولوں کے نصاب میں شروع سے ہی فنی تعلیم کے حوالے سے شعور بیدار کرنے کیلئے ترمیم کریں ہم اکثر ایک حدیث سنتے اور سناتے رہتے ہیں کہ اپنے ہاتھ سے کمائی کرنے والا اللہ کا دوست ہے لیکن صد افسوس کہ عملی طور پر ہم ہاتھ سے کمائی کرنے والے ہنر مند افراد کو آج بھی کمی کمین کا درجہ ہی دیتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ہم تسبیح سے لے کر جائے نماز اور آب زم زم کی بوتلوں تک چین سے منگواتے ہیں۔ پنجاب میں اس وقت نو عدد تعلیمی بورڈز کے زیر اہتمام ہر سال تقریبا 14 لاکھ بچے میٹرک کے امتحان میں شرکت کرتے ہیں جن میں سے 70% فیصد ڈراپ ہوجاتے ہیں اس طرح انٹرمیڈیٹ کا امتحان تقریبا پانچ لاکھ طلبا دیتے ہیں جس میں سے آٹھ ہزار کے قریب میڈیکل کالجوں جبکہ سترہ ہزار کے لگ بھگ انجینئرنگ یونیورسٹیز میں داخلہ لے لیتے ہیں جب کہ باقی لاکھوں طلبا مختلف قسم کی روایتی تعلیم کی طرف چلے جاتے ہیں جس کا ان کو خاطر خواہ فائدہ نہیں ہوتا ہم سب بخوبی اس حقیقت سے آگاہ ہیں کہ ہمارا روایتی نظام تعلیم فقط کلرک پیدا کررہا ہے جبکہ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنے ان لاکھوں نوجوانوں کو جو میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانوں میں ڈراپ ہوجاتے ہیں فنی تعلیم کی طرف راغب کریں تاکہ وہ باعزت روزگار کماسکیں اور ملکی معاشی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرسکیں لیکن افسوس کے ہماری حکومت نے اس حوالے سے کوئی ایسی حکمت عملی نہیں اپنائی کہ ہم اپنے نوجوانوں کو بیروزگاری اور کلرکی سے بچا کر کسی فنی تعلیم سے آراستہ کرکے انہیں دنیا بھر میں بھیج کر قیمتی زرمبادلہ کماسکیں کچھ عرصہ قبل قطر حکومت نے فٹ بال کے عالمی مقابلوں کے لیے حکومت پاکستان سے دو لاکھ ہنر مند افراد بھیجنے کی درخواست کی لیکن ہم صرف 46 ہزار افراد ہی بھیج سکے کیونکہ ہمارے پاس ہنر مند مطلوبہ تعداد میں دستیاب نہیں تھے اسی طرح جاپان میں لاکھوں ہنر مند افراد کی اشد ضرورت ہے۔

شوبز SHOWBIZ

سجل علی بھی اسلام آباد میں بچی پر بہیمانہ تشدد کیخلاف بول پڑیں

چائلڈ لیبر غلط اور غیر قانونی ہے، چائلڈ پروٹیکشن قانون میں یہ کام قابل سزا ہے، اداکارہ

لاہور (شوبز نیوز) اسلام آباد میں 14 سالہ گھریلو ملازمہ پر سول جج کی اہلیہ کے بہیمانہ تشدد پر اداکارہ سجل علی بھی خاموش نہ رہ سکیں۔ اداکارہ نادیہ جمیل نے سجل علی کا ایک ویڈیو پیغام سوشل میڈیا پر شیئر کیا جس میں سجل نے کہا کہ میری آپ سب سے درخواست ہے کہ خدا کے واسطے چھوٹے بچوں پر ظلم کرنا، ان سے کام کرانا، مشقت کرانا بند کردیں، چائلڈ لیبر غلط اور غیر قانونی ہے، چائلڈ پروٹیکشن قانون میں یہ کام قابل سزا ہے، آپ میں سے کوئی بھی کسی چھوٹے بچے کو گھر یا باہر کام کرتے یا ظلم ہوتا دیکھیں تو اسے فوری رپورٹ کریں۔

کامیڈی ڈرامے فیری ٹیل کا دوسرا سیزن اگست میں پیش کیا جائے گا

پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ سحر خان مرکزی کرداروں میں شامل ہیں

لاہور (شوبز نیوز) رمضان المبارک میں عوام کے چہروں پر مسکراہٹیں بکھیرنے والے ڈرامے فیری ٹیل کا دوسرا سیزن 5 اگست سے نشر کیا جائے گا۔ فیری ٹیل ڈرامے کو عوامی سطح پر کافی مقبولیت ملی جس کے بعد اس کا سیزن 2 پیش کیے جانے کا فیصلہ کیا گیا تھا، ڈرامے کے کلپس کو سوشل میڈیا پر کافی بار شیئر کیا گیا۔ ڈرامے میں پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ سحر خان مرکزی کرداروں میں شامل ہیں، ڈرامے میں انہیں چائے کی دیوانی دکھایا گیا ہے، ڈرامے کی کہانی امید نامی لڑکی کی ہے جو حقیقی دنیا کے برعکس جادوئی دنیا پر یقین رکھتی ہے اور بہت سے خواب دیکھتی ہے۔ فیری ٹیل ڈرامے کے ہدایت کار علی حسن ہیں جو اس سے قبل ڈرامے پرستان اور پیاری مونا میں بھی ہدایت کاری کرچکے ہیں، اس ڈرامے کی لکھاری سائرہ مجید ہیں جبکہ مومنہ درید نے اسے پروڈیوس کیا ہے، ڈرامے کا دوسرا سیزن 5 اگست سے نشر ہوگا۔ اس ڈرامے میں سحر خان اور حمزہ سہیل کے علاوہ علی سفینا، ثمن انصاری، عینا خان، سلیم شیخ، عدنان رضا میر اور سلمی حسن سمیت دیگر نے اداکاری کے جوہر دکھائے ہیں۔ جبکہ مومنہ درید نے اسے پروڈیوس کیا ہے، ڈرامے کا دوسرا سیزن 5 اگست سے نشر ہوگا۔ اس ڈرامے میں سحر خان اور حمزہ سہیل کے علاوہ علی سفینا، ثمن انصاری، عینا خان، سلیم شیخ، عدنان رضا میر اور سلمی حسن سمیت دیگر نے اداکاری کے جوہر دکھائے ہیں۔

شہرت یا پہچان سے قطع نظر کام کو زیادہ اہمیت دیتا ہوں: انو کپور

انہوں نے کہا کہ میں اپنا کام پوری ایمانداری سے کرتا ہوں اور آگے بڑھتا ہوں

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کے اداکار انو کپور کا کہنا ہے کہ وہ شہرت یا پہچان سے قطع نظر اپنے کام کو سب سے زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ ایک انٹرویو کے دوران سینئر اداکار کا کہنا تھا کہ کاسٹ کرنے والے لوگ، پروڈیوسرز اور ڈائریکٹر جانتے ہیں کہ مجھے جو بھی ذمہ داری دی جائے گی میں پوری جان لگا کر اسے پورا کروں گا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس قسم کا اعتماد حاصل کرنا یقینا ایک مشکل کام ہے اور اسی لیے صرف ایک انو کپور ہی ہے جو یہ کرسکتا ہے، جب میں چلا جاں گا تو شاید لوگ اسی وجہ سے میری قدر کریں گے۔



نور بخاری محرم الحرام کا احترام نہ کرنے والوں پر برہم

واضح رہے کہ نور بخاری نے 2017 میں شوبز انڈسٹری کو خیر باد کہہ دیا تھا

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری کی سابقہ اداکارہ نور بخاری محرم الحرام کا احترام نہ کرنے والوں پر برہم ہوگئیں۔ موسم گرما کے اختتام پر بہت سے پاکستانی ہر سال کی طرح اس سال بھی کچھ دنوں کی چھٹیاں گزارنے کیلئے ملک کے شمالی علاقوں کا رخ کرتے یا پھر بیرون ملک جانے کے منصوبے بنارہے ہیں۔ نور بخاری کو محرم کے ایام میں بھی لوگوں کا گرمیوں کے اختتام پر چھٹیاں منانے جانے کی روایت کو برقرار رکھنا بالکل پسند نہیں آیا۔ اس حوالے سے انہوں نے اپنی انسٹاگرام اسٹوری پر محرم الحرام میں چھٹیاں گزارنے کیلئے سیر و تفریح کے منصوبے بنانے والوں پر غصے کا اظہار کیا ہے۔

معروف ادیب قدرت اللہ شہاب کو دنیا سے رخصت ہوئے 37 برس بیت گئے

لاہور (شوبز نیوز) زندگی کے تجربات اور خیالات کو الفاظ کا روپ دینے والے نامور ادیب قدرت اللہ شہاب کو دنیا سے رخصت ہوئے 37 برس بیت گئے، ان کی تحاریر آج بھی پڑھنے والوں کو اپنے سحر میں جکڑ لیتی ہیں۔ دل کو چھو لینے والا انداز تحریر رکھنے والے نامور ادیب قدرت اللہ شہاب 26 فروری 1917 کو گلگت میں پیدا ہوئے، ابتدائی تعلیم انہوں نے ریاست جموں و کشمیر اور موضع چمکور صاحب ضلع انبالہ میں حاصل کی، 1941 میں انڈین سول سروس میں شامل ہوئے۔ قدرت اللہ شہاب نے زندگی کے تجربات اور خیالات کو الفاظ کا روپ دیا۔

دنیا چڑھتے سورج کی پجاری، کسی سے زیادہ امیدیں تکلیف دیتی ہیں، وینا ملک

وینا ملک کا مزید کہنا تھا کہ کسی کی بلاوجہ مداخلت یا تنقید کو خاطر میں نہیں لاتی



لاہور (شوبز نیوز) معروف اداکارہ و میزبان وینا ملک نے کہا ہے کہ کسی سے وابستہ امیدیں اگر ٹوٹ جائیں تو بہت دکھ ہوتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اداکارہ و ماڈل وینا ملک نے اپنے ایک انٹرویو میں کہا کہ یہ دنیا چڑھتے سورج کی پجاری ہے جب آپ عروج پر ہوں تب آپ کے بہت سے دوست ہوتے ہیں جبکہ زوال کے دنوں میں آپ کا سایہ بھی ساتھ چھوڑ جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں کسی سے زیادہ امیدیں لگانے کی قائل نہیں کیونکہ جب کسی سے جڑی امید ٹوٹتی ہے تو یہ بڑا تکلیف دہ مرحلہ ہوتا ہے۔ جو دل کو اچھا لگے وہی کرتی ہوں۔

سارہ خان اور عمران اشرف نئے ڈرامہ میں ایک ساتھ جلوہ گر ہونے کو تیار

تاہم اطلاعات کے مطابق اس ڈرامے کو ثقلین عباس نے تحریر کیا ہے

لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ سارہ خان اور نامور اداکار عمران اشرف ایک بار پھر ایک ساتھ اداکاری کے جوہر دکھائیں گے۔ انٹرٹینمنٹ سے وابستہ ایک انسٹاگرام پیج کی جانب سے شیئر کردہ پوسٹ کے مطابق رقص بسمل میں جاندار اداکاری سے مداحوں کے دل جیتنے والی جوڑی ایک بار پھر ایک ساتھ سکرین پر جلوہ گر ہونے کو تیار ہے۔ تاحال اس پروجیکٹ کی مزید تفصیلات تو سامنے نہیں آئیں تاہم اطلاعات کے مطابق اس ڈرامے کو ثقلین عباس نے تحریر کیا ہے جبکہ ایم ڈی پروڈکشن اور فارس انٹرٹینمنٹ کے بینر تلے اس کی ہدایت کاری شکیل اے خان کریں گے۔ خبر کے سامنے آتے ہی مداحوں میں ایک ہلچل پیدا ہوگئی اور ساتھ ہی لوگوں میں جلد اس ڈرامے کے اسکرین پر نشر ہونے کا بے صبری سے انتظار دیکھا گی۔ خبر کے سامنے آتے ہی مداحوں میں ایک ہلچل پیدا ہوگئی اور ساتھ ہی لوگوں میں جلد اس ڈرامے کے اسکرین پر نشر ہونے کا بے صبری سے انتظار دیکھا گی۔

SPORTS سپورٹس

ذکا اشرف نے مصباح الحق کو فری ہینڈ دے دیا

اپنے ساتھ سینئر کرکٹرز کو ملائیں اور کرکٹ کے تمام معاملات کو دیکھیں: ذکا اشرف

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے کرکٹ کمیٹی کو بااختیار بنانے کا فیصلہ کرتے ہوئے سربراہ کرکٹ کمیٹی مصباح الحق کو فری ہینڈ دے دیا۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین پی سی بی ذکا اشرف کی جانب سے مصباح الحق کو پیغام بھیجا گیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ کرکٹ کمیٹی کو مضبوط اور بااختیار بنائیں گے۔ بھیجے گئے پیغام میں ذکا اشرف کا کہنا ہے کہ اپنے ساتھ سینئر کرکٹرز کو ملائیں اور کرکٹ کے تمام معاملات کو دیکھیں۔ ذرائع کے مطابق کرکٹ کمیٹی کے سربراہ مصباح الحق کی کرکٹ بورڈ کے اعلی عہدیداران سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے دوسری جانب کرکٹ کمیٹی کے لیے سینئر سابق کرکٹرز کے نام کل تک فائنل ہونے کا امکان ہے۔ کرکٹ کمیٹی ہی چیف سلیکٹر اور اراکین کے نام تجویز کرے گی ساتھ ہی یہ بھی کہا جارہا ہے کہ چیئرمین ذکا اشرف محمد حفیظ کو سلیکشن کمیٹی کی ذمہ داریاں دینے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کرکٹ کمیٹی پاکستان کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ کے معاملے پر بھی تجاویز دے گی ٹیم ڈائریکٹر مکی آرتھر اور ہیڈ کوچ گرانٹ بریڈ برن کے عہدوں پر برقرار رہنا مشکل ہے، پاکستان کرکٹ بورڈ ہیڈ کوچ کے لیے نیا نام تلاش کرے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کرکٹ کمیٹی پاکستان کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ کے معاملے پر بھی تجاویز دے گی ٹیم ڈائریکٹر مکی آرتھر اور ہیڈ کوچ گرانٹ بریڈ برن کے عہدوں پر برقرار رہنا مشکل ہے۔

ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں بولنگ کا نیا ریکارڈ قائم

سیزرول عزت نے چین کے خلاف میچ میں 4 اوورز میں 8 رنز دے کر 7 وکٹیں حاصل کیں

کوالالمپور (سپورٹس نیوز) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 2024 کے ایشیا ریجنل کوالیفائر ٹورنامنٹ میں ملائیشیا کے میڈیم پیس بولر نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ میں کسی بھی بولر کی جانب سے ایک میچ میں سب سے زیادہ وکٹیں لینے کا ریکارڈ بنا دیا۔ کوالالمپور میں کھیلے جارہے ٹورنامنٹ کے پہلے میچ میں بدھ کو ملائیشیا کے بولر سیزرول عزت نے چین کے خلاف میچ میں 4 اوورز میں 8 رنز دے کر 7 وکٹیں حاصل کیں۔ ملائیشین بولر ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ میں 7 وکٹیں لینے والے دنیا کے پہلے بولر بن گئے۔ اس سے قبل ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں بیسٹ بولنگ فیگر کا ریکارڈ نائیجیریا کے پی آہو کے پاس تھا۔ جنہوں نے 2021 میں سیرالیون کے خلاف 3.4 اوورز میں 5 رنز دے کر 6 وکٹیں حاصل کی تھیں۔ واضح رہے کہ عزت کے ریکارڈ سے قبل ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنلز میں مجموعی طور پر 12 بولرز 6 وکٹیں لے چکے ہیں۔

آزادی کپ نیشنل فٹ سال ویمن چیمپئن شپ آئندہ ماہ اگست میں اسلام آباد میں کھیلی جائے گی

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) آزادی کپ نیشنل فٹ سال ویمن چیمپئن شپ آئندہ ماہ اگست میں اسلام آباد میں کھیلی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار اسلام آباد فٹ سال ایسوسی ایشن کے چیئرمین چوہدری ندیم منظور بیگہ نے پاکستان فٹ سال فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل عدنان ملک کے ہمراہ اسلام آباد فٹ سال ایسوسی ایشن کے اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان فٹ سال فیڈریشن نے آزادی کپ نیشنل فٹ سال ویمن چیمپئن شپ کی میزبانی اسلام آباد فٹ سال ایسوسی ایشن کو الاٹ کردی ہے۔ پاکستان فٹسال فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل ملک عدنان نے بتایا کہ آزادی کپ نیشنل فٹ سال ویمن چیمپئن شپ کی تاریخ کا باقاعدہ اعلان آئندہ چند روز میں کردیا جائے گا اور چیمپئن شپ میں اسلام آباد کی ٹیم اپنے ٹائٹل کا دفاع کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں فٹسال کی دن بدن بڑھتی پذیرائی خوش آئند بات ہے بالخصوص خواتین میں فٹسال کی مقبولیت اس کھیل کے روشن مستقبل کی نوید سنا رہی ہے۔ انہوں نے اسلام آباد فٹسال ایسوسی ایشن کی طرف سے آزادی کپ ویمن نیشنل چیمپئن شپ کی میزبانی کی پیشکش کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی۔

ایمرجنگ ایشیا کپ کی جیت کوچنگ سٹاف کی محنت کا نتیجہ ہے، محمد حارث

فائنل میں انڈیا اے کو 128 رنز سے شکست دے کر ٹائٹل کا کامیابی سے دفاع کیا ہے



کولمبو (سپورٹس نیوز) پاکستان شاہینز کے کپتان محمد حارث نے ایمرجنگ ایشیا کپ کی جیت پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اسے کوچنگ سٹاف کی محنت اور ٹیم اسپرٹ کا نتیجہ قرار دیا ہے۔ یاد رہے کہ پاکستان شاہینز نے فائنل میں انڈیا اے کو 128 رنز سے شکست دے کر ٹائٹل کا کامیابی سے دفاع کیا ہے، پاکستان شاہینز ٹائٹل کا کامیابی سے دفاع کرنے کے بعد آج سری لنکا سے وطن واپس روانہ ہوگی۔ کپتان محمد حارث نے پی سی بی ڈیجیٹل سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فائنل میں انڈیا اے کو شکست دینے کے بعد ہم سب بہت پرجوش ہیں۔

کرسٹیانو رونالڈو کو دیکھ کر بچہ خوشی کے آنسو نہ روک سکا

دبئی (سپورٹس نیوز) اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے اپنے ایک اور مداح کی خواہش پوری کردی۔ سعودی کلب النصر کے کھلاڑی کرسٹیانو رونالڈو نے فرانسیسی کلب کے ساتھ جاپان میں دوستانہ میچ کھیلنے کے بعد اپنی شرٹ پر دستخط کرکے ایک بچے کو دے کر اس کی خواہش پوری کردی۔ اس حوالے سے سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیوز میں دیکھا جاسکتا ہے کہ چھوٹا بچہ کرسٹیانو رونالڈو کو اتنے قریب دیکھ کر حیران رہ گیا اور اپنے پسندیدہ کھلاڑی کو دیکھ کر اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکا۔

سری لنکا سے کھلاڑیوں کی واپسی کب اور کیسے ہوگی؟ شیڈول جاری

محمد رضوان گلوبل ٹی ٹوئنٹی کینیڈا میں شرکت کے لیے آج رات کینیڈا روانہ ہوں گے

کراچی (سپورٹس نیوز) سری لنکا کیخلاف ٹیسٹ سیریز جیتنے کے بعد کھلاڑیوں کی واپسی کے شیڈول کا اعلان کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق محمد رضوان گلوبل ٹی ٹوئنٹی کینیڈا میں شرکت کے لیے آج رات کینیڈا روانہ ہوں گے، کراچی کے کھلاڑیوں میں ابرار احمد، سعود شکیل، شاہین آفریدی اور شان مسعود جمعے کی صبح کولمبو سے کراچی کے لیے روانہ ہوں گے۔ پاکستان کے 7 کرکٹرز بابر اعظم، عامر جمال، امام الحق، محمد نواز، نسیم شاہ، حسن علی، سرفراز احمد، سری لنکا پریمیئر لیگ کے لیے سری لنکا میں رہیں گے۔ نعمان علی 29 جولائی کو EK602 کے ذریعے کراچی روانہ ہوں گے، سیالکوٹ کے کھلاڑیوں میں عبداللہ شفیق اور محمد ہریرہ جمعے کی شام کو دبئی سے سیالکوٹ کے لیے کولمبو سے روانہ ہوں گے۔

ورلڈ ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کی جنرل کونسل کا اجلاس 6 اکتوبر کو کویت میں ہوگا

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) ورلڈ ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کی جنرل کونسل کا اجلاس 6 اکتوبر کو کویت میں ہوگا۔ پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمان نے بتایا کہ اجلاس میں فیڈریشن کی رپورٹ اور آئندہ کی سرگرمیوں کے حوالے سے لائحہ عمل تیار کیا جائے گا اور اس کے علاوہ ورلڈ ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے انتخابات بھی منعقد ہونگے۔ اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمان کریں گے اس کے علاوہ اجلاس میں ورلڈ فیڈریشن کے ساتھ منسلک 137 ممالک کے عہدیدار بھی شریک ہونگے۔ اور اس کے علاوہ ورلڈ ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے انتخابات بھی منعقد ہونگے۔ اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمان کریں گے اس کے علاوہ اجلاس میں ورلڈ فیڈریشن کے ساتھ منسلک 137 ممالک کے عہدیدار بھی شریک ہونگے۔

ورلڈ ویمن نیٹ بال کپ 28 جولائی سے شروع ہوگا

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) ورلڈ ویمن نیٹ بال کپ 28 جولائی سے جنوبی افریقہ کے شہر کیپ ٹاؤن میں شروع ہوگا۔ پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے صدر مدثر آرائیں نے بتایا کہ ایونٹ میں دنیا بھر سے سولہ ٹیموں کے کھلاڑی حصہ لیں گی۔ اور ٹورنامنٹ 8 اگست تک جاری رہے گا۔ واضح رہے کہ یہ براعظم افریقہ میں پہلی بار منعقد ہوگا۔ ورلڈ ویمن نیٹ بال کپ 28 جولائی سے جنوبی افریقہ کے شہر کیپ ٹاؤن میں شروع ہوگا۔ پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے صدر مدثر آرائیں نے بتایا کہ ایونٹ میں دنیا بھر سے سولہ ٹیموں کے کھلاڑی حصہ لیں گی۔ اور ٹورنامنٹ 8 اگست تک جاری رہے گا۔

جنوبی وزیرستان: گانڑا پریمیئر کرکٹ لیگ اختتام پذیر

مقابلوں میں اعلی حکام، قبائلی عمائدین اور شائقین نے شرکت کی: ضلعی انتظامیہ

جنوبی وزیرستان (سپورٹس نیوز) جنوبی وزیرستان میں ہونے والی 5 روزہ گانڑا پریمیئر کرکٹ لیگ اختتام پزیر ہوگئی۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق تحصیل سراروغہ میں ہونے والے کرکٹ ٹورنامنٹ میں 72 ٹیموں نے حصہ لیا۔ اس حوالے سے ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ فائنل میں کوٹ ولی الیون اور گام کوٹ کے درمیان مقابلہ ہوا جو گام کوٹ ٹیم نے جیت لیا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق مقابلوں میں اعلی حکام، قبائلی عمائدین اور شائقین نے شرکت کی۔ جنوبی وزیرستان میں ہونے والی 5 روزہ گانڑا پریمیئر کرکٹ لیگ اختتام پزیر ہوگئی۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق تحصیل سراروغہ میں ہونے والے کرکٹ ٹورنامنٹ میں 72 ٹیموں نے حصہ لیا۔ اس حوالے سے ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ فائنل میں کوٹ ولی الیون اور گام کوٹ کے درمیان مقابلہ ہوا جو گام کوٹ ٹیم نے جیت لیا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق مقابلوں میں اعلی حکام، قبائلی عمائدین اور شائقین نے شرکت کی۔

بقیہ 1

چنیوٹ، گجرات، حافظ آباد، جہلم، خانیوال، خوشاب، لیہ، منڈی بہاالدین، مظفر گڑھ، ننکانہ صاحب، اوکاڑہ، پاکپتن، شیخوپورہ، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور وہاڑی کے اضلاع کو دی گئی ہیں۔

بقیہ 2

کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی کو تھانہ سرور روڈ 96/23 میں تفتیش کے لیے بلایا، چیئرمین پی ٹی آئی نے پیشی کے دوران انگلی کیساتھ جے آئی ٹی کے سربراہ عمران کشور اور دیگر ممبران کو دھمکایا۔ چیئرمین نے دھمکی دی کہ پی ٹی آئی کی حکومت واپس آ رہی ہے، آپ سن لیں آپ نے رہنا نہیں ہے۔ ایف آئی آر کے مطابق تفتیش کے دوران کسی بھی ملزم کا افسر کو ڈرانا اور حکومت میں آ کر انتقامی کارروائی کا نشانہ بنانے کی دھمکی دینا، دراصل آزادانہ اور غیر جانبدار تفتیش کو روکنا ہے، ملزم کا یہ عمل قانون وضابطے کی خلاف ورزی ہے۔

بقیہ 3

، عدالتی فیصلوں کے ختم ہونے کا ایک طریقہ کار ہے، اس طریقے کو اپنایا گیا اور مریم نواز بری ہوئیں، قائد مسلم لیگ ن حفاظتی ضمانت لیں گے، اپیلوں پر سماعت کے بعد وہ بری ہو جائیں گے، ان پر جو پابندیاں لگائی گئیں ہیں وہ ختم ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ کہنا درست نہیں کہ نگران وزیراعظم کیلئے اسحاق ڈار کا نام دیا گیا اور مسترد ہو گیا، اسحاق ڈار کا نام کسی نے پیش ہی نہیں کیا۔ رانا ثنا اللہ کا مزید کہنا تھا کہ یہ نہیں کہا جاسکتا کہ ملک میں امن وامان کی صورت حال خراب ہے، خیبر پختونخوا میں دہشت گردی ضرور سر اٹھا رہی ہے تاہم قانون نافذ کرنیوالے ادارے نیک نیتی اور بہادری سے دہشت گردوں کا مقابلہ کر رہے ہیں۔

بقیہ 4

کے اندر اقتصادی آپریشنز پر بہت زیادہ توجہ دی گئی، پاکستان کے اسٹریٹیجک انفرااسٹرکچر، سائنس ٹیکنالوجی اور نئی ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز پر بھی توجہ ہے۔ چائنا اکنامک نیٹ کے مطابق بیجنگ میں پاکستانی سفارتخانے میں پاکستان میں ایک قابل عمل ڈرون انڈسٹری کی تعمیر کے موضوع پر کانفرنس ہوئی۔ معین الحق نے کہا لوگوں کی زندگی کو آسان بنانے کے لیے کئی صنعتوں میں ان مینڈ ایریل وہیکل (UAVs) کا استعمال کیا جا رہا ہے۔ مثلاً ڈیزاسٹر مینجمنٹ، سمارٹ سٹیز، پولیسنگ اور زراعت کا شعبہ ان ٹیکنالوجیز کا استعمال کر رہا ہے۔ سی پیک بی آر آئی کا فلیگ شپ پروجیکٹ ہونے کے ناطے پاکستان کی مدد کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا پاکستان میں سول ڈرون ریگولیٹری اتھارٹی کا قیام بھی زیر غور ہے۔

بقیہ 5

بازی اور انصاف کے حصول کا انمول سبق سکھاتی ہے، یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ظلم وجبر کے خلاف کھڑا ہونا ایک مسلمان کا اخلاقی فرض ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہدائے کربلا کا لازوال پیغام آج بھی ہمارے ساتھ گونجتا ہے جو ہمیں اپنی زندگی میں انصاف، ہمدردی اور استقامت کے اصولوں کو برقرار رکھنے کی ترغیب دیتا ہے، حضرت امام حسین کی قربانی کسی خاص وقت یا مقام تک محدود نہیں تھی، یہ سرحدوں سے بالاتر ہو کر نسلوں اور براعظموں میں مسلمانوں کے ساتھ گونجتی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ یوم عاشور ایک یاد دہانی ہے کہ انصاف، مساوات اور انسانی وقار کے لیے ہماری جدوجہد کو غیر متزلزل عزم سے ہمکنار ہونا چاہیے، حضرت امام حسین کی قربانی ہمیں سکھاتی ہے کہ حق اور انصاف کے لیے کھڑا ہونا کبھی بھی آسان نہیں ہوتا، یہ وہ راستہ ہے جو ہمیں کامیابی اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کی طرف لے جاتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ قوم اور پوری امت مسلمہ کو جن چیلنجوں اور آزمائشوں کا سامنا ہے، اس میں ہمیں حضرت امام حسین کی قربانی سے سبق حاصل کرنا چاہیے، یاد رکھیں کہ حق اور مقاصد کے حصول کی راہ میں رکاوٹیں صرف ثابت قدمی، قربانی اور اولوالعزمی سے ہی دور ہو سکتی ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ آئیے آج ہم اپنی روزمرہ زندگی میں حضرت امام حسین اور ساتھیوں کی عظیم مثال کی تقلید کرنے کی کوشش کریں، یہ مثال ہمارے معاشرے میں روشنی کے مینار اور بہترین نمونہ ہیں، اللہ تعالیٰ ہماری قوم اور امت مسلمہ پر رحم فرمائے، ہمیں اسلام کی تعلیمات اور امام حسین کی عظیم میراث پر ثابت قدم رہنے کی توفیق دے۔

بقیہ 6

عدالتوں میں بھی تعطیل کا اعلان کیا گیا ہے۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان ترجمان نے بتایا کہ سٹیٹ بینک آف پاکستان، سٹیٹ بینک بینکنگ سروسز، تمام شیڈولڈ بینک و مالیاتی ادارے یوم عاشور کے موقع پر آج بند رہیں گے نیز وفاقی ایوان ہائے صنعت و تجارت پاکستان اور سٹاک ایکسچینج گارنٹیز لیمٹڈ کے ذرائع نے بھی بتایا کہ وفاقی حکومت کے اعلان کے مطابق تمام چیمبرز آف کامرس اور سٹاک ایکسچینج بھی آج (ہفتہ) کو بند رہیں گی اور کسی قسم کا کوئی کاروبار نہیں ہوگا۔

بقیہ 7

اجلاس کے بعد گورنرسٹیٹ بینک جمیل احمد پریس کانفرنس میں نئی مانیٹری پالیسی سے متعلق بیان دینگے۔ واضح رہے کہ اس وقت شرح سود 22 فیصد کی بلند ترین سطح پر ہے، تاجر اور صنعتکار سٹیٹ بینک سے شرح سود میں کمی کی توقع کر رہے ہیں جبکہ معاشی تجزیہ نگاروں کا خیال ہے کہ شرح سود میں اضافہ یا موجودہ سطح برقرار رکھنے کا امکان ہے۔

بقیہ 8

کراچی، اسلام آباد، کوئٹہ، پشاور سمیت ملک کے تمام چھوٹے بڑے شہروں اور قصبوں میں مجالس اور شبیہ علم و ذوالجناح کے جلوس روایتی راستوں پر رواں دواں ہیں، جلوسوں کے دوران عزادار ماتم اور نوحہ خوانی کرتے ہوئے شہدائے کربلا پر ڈھائے گئے مظالم کو یاد کر رہے ہیں، جلوسوں کے راستوں میں بڑی تعداد میں نذر و نیاز کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ اسلام آباد اسلام آباد میں 9 محرم کا مرکزی جلوس امام بارگاہ اثنا عشری جی 6 سے برآمد ہوا جو اپنے روایتی راستوں سے ہوتا ہوا اسی جگہ اختتام پذیر ہوگا۔ پولیس کے مطابق مرکزی جلوس کی سیکیورٹی پر 1685 اہلکار وافسران تعینات کیے گئے جن میں 5 ڈی پی اوز، 14 ڈی ایس پیز اور 21 انسپکٹرز بھی فرائض سر انجام دے رہے ہیں جبکہ جلوس کی سیکیورٹی کیلئے رینجرز اور ایف سی بھی تعینات ہیں۔ کراچی کراچی میں 9 محرم الحرام کا مرکزی جلوس نشتر پارک سے دوپہر 1 بجے برآمد ہوا، مرکزی مجلس نشتر پارک میں منعقد ہوئی، جس سے علامہ شہنشاہ نقوی نے خطاب کیا، مجلس کے بعد نشتر پارک سے جلوس روانہ ہوا۔ جلوس اپنے مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا امام بارگاہ حسینیہ ایرانیاں پر اختتام پذیر ہوگا، جلوس کی گزرگاہوں پر موبائل فون سروس بھی معطل رہے گی۔ لاہور لاہور میں نویں محرم کا مرکزی جلوس پانڈو سٹریٹ سے برآمد ہوگیا، جو اپنے مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا امام بارگاہ خیمہ سادات پر اختتام پذیر ہوگا۔ پانڈو سٹریٹ اسلام پورہ سے آغاز کے بعد یہ جلوس سراج بلڈنگ پر مختصر پڑاؤ اور نماز ظہرین ادا کرے گا، پھر اسلام پورہ چوک، نیلی بار چوک، سول سیکرٹریٹ سے ہوتا ہوا جلوس انارکلی پہنچے گا جہاں نماز مغربین ادا کی جائے گی۔ اس کے بعد یہ مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا امام بارگاہ خیمہ سادات پر اختتام پذیر ہوگا جہاں مجلس عزا ہوگی جس کے بعد شرکا واپس اسی روٹ سے پانڈو سٹریٹ پہنچیں گے۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے چیف سیکرٹری اور آئی جی پی پنجاب کے ہمراہ سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے جلوس کے مختلف مقامات کا دورہ کیا۔ پشاور دوسری جانب پشاور میں بھی نویں محرم کی مناسبت سے مرکزی جلوس برآمد ہو گئے، پہلا جلوس امام بارگاہ حسینیہ ہال صدر سے برآمد ہوا، جبکہ دوسرا جلوس امام بارگاہ پی صاحب تحصیل سے نکالا گیا ہے، جلوس مقررہ راستوں سے ہوتے ہوئے واپس اسی مقام پر اختتام پذیر ہونگے۔ ملک بھر میں 9 محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کے لئے فول پروف انتظامات کئے گئے ہیں، جلوس کے روٹ پر آنے والی بلند عمارتوں اور مرکزی جلوس کے اطراف اور گزرگاہوں پر اسنائپرز بھی تعینات کئے گئے اور جلوس کے راستوں کی فضائی نگرانی بھی کی جائے گی۔ متعدد شہروں میں جلوس کی گزرگاہوں میں موبائل فون سروس بند ہوگی اور موٹر سائیکل کی ڈبل سواری پر بھی پابندی عائد کر دی گئی ہے۔

بقیہ 9

کے ہمراہ اسلام کی سربلندی اور حق وصداقت کی خاطر جام شہادت نوش فرمایا، شہداء کربلا کی عظیم قربانی نے اہل حق کو سر اٹھا کر جینے کا حوصلہ دیا، واقعہ کربلا صبر وتحمل، رواداری، ایثار اور قربانی کا درس دیتا ہے۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت ایس ایم تنویر نے یوم عاشور کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ یوم عاشور حق وباطل کے لازوال معرکے کی یاد دلاتا ہے، حضرت امام حسین اور ان کے ساتھیوں نے جذبہ ایمانی سے باطل کی اطاعت سے انکار کیا اور میدان کربلا میں جرات وشجاعت کی بے مثال تاریخ رقم کی، انہوں نے کہا کہ شہدا کربلا کی عظیم قربانیوں کو مشعل راہ بنا کر پاکستان کو امن کا گہوارہ بنایا جا سکتا ہے، معاشرے میں ایثار، اخوت اور برداشت کے جذبات کو فروغ دینا وقت کی ضرورت ہے، ایس ایم تنویر نے کہا کہ ہمیں یوم عاشور پر حقیقی معنوں میں حضرت امام حسین کی روشن تعلیمات کے مطابق عمل پیرا ہونے کا اعادہ کرنا ہے۔

بقیہ 10

مشاورت کا سلسلہ جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز کے آئین اور منشور کا اعلان جلد کیا جائے گا، آئندہ دنوں میں پارٹی کی کور کمیٹی کو بھی حتمی شکل دی جائے گی۔ یاد رہے کہ 17 جون کو تحریک انصاف کے سابق رہنما پرویز خٹک نے نئی سیاسی جماعت کا اعلان کیا تھا۔ پرویز خٹک کی جانب سے 'پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز' کے نام سے سیاسی جماعت کا باقاعدہ اعلان کیا گیا۔ سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمود خان بھی پرویز خٹک کی جماعت میں شامل ہوئے۔ پاکستان تحریک انصاف کے 57 سابق ارکان اسمبلی نے پرویز خٹک کی حمایت کا اعلان کیا تاہم کچھ رہنماؤں نے پرویز خٹک کی جماعت میں شمولیت کی تردید بھی کی تھی جن میں سابق ایم پی اے اعظم خان، مصور خان اور افتخار مشوانی شامل تھے۔ یہاں یہ بھی واضح رہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز بنانے پر ردعمل دیتے ہوئے پرویز خٹک کو گڈ لک کہا تھا، جبکہ صدر تحریک انصاف خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے نئی پارٹی کے قیام پر کہا کہ پرویز خٹک کی قیادت میں بے ضمیروں کے ٹولے کی عوام میں کوئی حیثیت نہیں، تحریک انصاف بھرپور مقابلہ کرے گی اور عوام کی حمایت سے الیکشن جیتے گی۔ جو لوگ نئی پارٹی کے قیام پر خوشی منا رہے ہیں یہ ان کی وقتی خوشیاں ہیں۔ صدر تحریک انصاف خیبر پختونخوا نے کہا تھا کہ پارٹی سے آج بزدلوں کا صفایا ہو گیا، جانے والے عوام کا سامنا نہیں کر سکیں گے، عوام ان کو آئینہ دکھائیں گے۔

بقیہ 11

وکٹ کے دونوں طرف کھیل رہے ہیں ان کی خواہش ہے کہ نگران حکومت اُن کی قائم مقام حکومت ہو لیکن ایسا نہیں ہو سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایک گھنٹے میں 29 بلوں کی 24 رکنی اسمبلی سے منظوری جمہوریت نہیں مجبوریت ہے، سیاست کیم اگست سے فیصلہ کن مراحل میں داخل ہو جائے گی، عدلیہ آئین اور قانون کے مطابق اہم فیصلے دے سکتی ہے، آرٹیکل 224 اور 230 میں ترمیم آئین سے کھلا تصادم ہے، عدلیہ اس کا نوٹس لے سکتی ہے عدلیہ کو اس پر خاموش تماشائی نہیں بنے رہنا چاہیے۔ سابق وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ صرف چادر اور چار دیواری کو نیست ونابود نہیں کیا گیا بلکہ بچوں اور حاملہ عورتوں کو بھی گھروں سے اٹھا کر لاپتہ کیا گیا، پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دور ہے لوگ اپنی عزت کو بچانے کیلئے خاموش تو ہو سکتے ہیں لیکن وقت آنے پر الیکشن میں اس حکومت کا سود سمیت ادھار اتار دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جتنے نام مارکیٹ میں نگران وزیراعظم کے آ رہے ہیں وہ دھرے کے دھرے رہ جائیں گے، کسی کو غلط فہمی نہیں ہونی چاہیے یہ فیصلہ الیکشن کمیشن کے پاس بھی جا سکتا ہے، نواز شریف پاکستان آنے کے بجائے اپنے امیدوار کا نام دے کر لندن روانہ ہوگئے ہیں اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ حکومت نے اینٹی منی لانڈرنگ اور کرپشن کے سارے کیس ختم کرا لیے۔ سربراہ عوامی مسلم لیگ کا مزید کہنا تھا کہ حکومت نے آئین وقانون اور عدلیہ کا فیصلہ نہیں مانا اور نگران حکومت کے اختیارات میں جس تیزی سے آئین سے متضاد ترمیم کی گئی ہیں اس سے لوگوں کے ذہنوں میں الیکشن کے انعقاد پر شکوک وشبہات پیدا ہو گئے ہیں جو حکومت 50 گاڑیوں کے پروٹوکول کے بغیر گھر سے نہیں نکل سکتی وہ لوگوں میں ووٹ مانگنے کیسے جائے گی۔

بقیہ 12

ہم نے پاکستان کو شام، عراق اور لیبیا نہیں بننے دیا اور ہم نے اپنے باہمی اتحاد اور فوج کے تعاون سے جنگ میں کامیابی حاصل کی۔ طاہر اشرفی نے یو این پی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج ہم سکون سے بیٹھے ہیں اور اگر کوئی پھر بدامنی پیدا کرنا چاہتا ہے تو اسے سوچ لینا چاہیے کہ ہم پاکستان کیلئے اپنے ملک کی سلامتی کے اداروں، افواج پاکستان اور پولیس کے ساتھ جس طرح پہلے کھڑے ہوئے تھے تو آج بھی کھڑے ہوں گے اور دہشت گردوں کا راستہ روکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک معاشی بحرانی کیفیت سے دوچار ہے اور بہت محنت کر کے وزیراعظم پاکستان اور آرمی چیف نے اس ملک کو ڈیفالٹ ہونے سے بچالیا ہے لیکن بدقسمتی سے کچھ قوتیں پاکستان میں عدم استحکام اور بدامنی چاہتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب نے ملکر پیغام پاکستان کی صورت میں ایک ضابطہ اخلاق ترتیب دیا ہے، جس کا مختصر ترجمہ یہ ہے کہ اپنا مسلک چھوڑو نہیں اور دوسرے کا مسلک چھیڑو نہیں۔ انہوں نے کہا کہ یاد رکھئے کہ حضرت امام حسینؓ ایک شخصیت نہیں بلکہ ایک عقیدہ تھے اسلئے جو اس عقیدے کو مانتا ہے وہ مسلمان کہلاتا ہے اور جو اس عقیدے کو نہیں مانتا وہ کافر کہلاتا ہے یہ ہمارا ایمان ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام امن، محبت اور رواداری کا دین ہے اسلئے ہم تمام مکاتب فکر کے رہنماؤں سے محرم الحرام میں پیغام پاکستان ضابطہ اخلاق پر مکمل عملدرآمد کی امید کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نائن الیون کے بعد پاکستان پر دہشت گردی کی جنگ مسلط کی گئی تھی لیکن پاکستان کی قوم اور فوج نے مل کر دہشت گردی کو شکست دی اور پاکستان امن کا گہوارہ بنا مگر افسوس کی بات ہے کہ گزشتہ چند دنوں سے خیبر پختونخوا میں افسوسناک واقعات ہوئے ہیں اور بالخصوص خیبر میں مسجد کو بم دھماکے سے اڑا دینا کسی بھی طور پر کسی بھی مسلمان کیلئے قابل قبول نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ علما و مشائخ اس عمل کو کسی بھی صورت درست اور جائز نہیں سمجھتے اور پاکستان کے تمام مکاتب فکر کے جید علمائے پیغام پاکستان کے فتوے میں اس بات کو واضح کیا ہے کہ پاکستان کے اندر خودکش حملے، دہشت گردی، تخریب کاری کسی بھی صورت جائز نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی عوام پاکستان کے استحکام اور سلامتی کیلئے افواج پاکستان اور ملک کے سلامتی کے اداروں کے شانہ بشانہ ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ پاکستان اور افغانستان میں امن ہو، پاکستان اور افغانستان ترقی کریں، پاکستان، افغانستان اور خطے کے دیگر علما و مشائخ بیٹھ کر خطے کے بہتر مستقبل کیلئے آگے بڑھیں اور اقدامات کریں۔ انہوں نے پیغام پاکستان ضابطہ اخلاق کی توثیق کرتے ہوئے تمام ذاکرین، واعظین، علما و مشائخ سے پیغام پاکستان ضابطہ اخلاق پر من وعن عملدرآمد کی اپیل کی۔ اجلاس میں ایک قرارداد کے ذریعے سویڈن اور ڈنمارک میں قرآن کریم کیجلانے کے مسلسل واقعات کی بھرپور مذمت کی گئی اور ڈنمارک میں پاکستانی سفارتخانے کے سامنے قرآن کریم اور پاکستانی پرچم کو جلانے کو ناقابل قبول اور ناقابل معافی عمل قرار دیتے ہوئے کہا گیا کہ اسلامی تعاون تنظیم فوری طور پر سویڈن اور ڈنمارک سے اپنے تعلقات ختم کرنے کا اعلان کرے اور اسلامی تعاون تنظیم میں شامل ممالک فوری طور پر اپنے سفرا کو سویڈن اور ڈنمارک سے واپس بلائیں اور سویڈن و ڈنمارک کے سفرا کو واپس بھیجیں۔ انہوں نے بتایا کہ مذکورہ اجلاس میں علما و مشائخ نے جس ضابطہ اخلاق کی منظوری دی اس کے مطابق فرقہ وارانہ منافرت، مسلح فرقہ وارانہ تصادم اور طاقت کے زور پر اپنے نظریات کو دوسروں پر مسلط کرنے کی روش شریعت اسلامیہ کے احکام کے منافی اور فساد فی الارض اور ایک قومی و ملی جرم ہے۔ تمام مسالک کے علما و مشائخ اور مفتیان پاکستان انتہا پسندانہ سوچ اور شدت پسندی کو مکمل مسترد کرتے ہیں۔ انبیا کرامؑ، اصحاب رسولؐ، خلفائے راشدینؓ، ازواج مطہراتؓ اور اہل بیت اطہارؓ کے تقدس کو ملحوظ رکھنا ایک فریضہ ہے اور جو شخص ان مقدسات کی توہین وتکفیر کرے گا تمام مکاتب فکر اس سے برات کرتے ہیں اور ایسے شخص کے خلاف قانون کو فوری حرکت میں آنا چاہیے۔ علما و مشائخ اور مفتیان عظام کا فریضہ ہے کہ درست اور غلط نظریات میں امتیاز کرنے کے بارے میں لوگوں کو آگاہی دیں جبکہ کسی کو کافر قرار دینا (تکفیر) ریاست کا دائرہ اختیار ہے جو ریاست شریعت اسلامیہ کی روسے طے کرے گی۔ پاکستان کے تمام غیر مسلم شہریوں کو اپنی عبادت گاہوں میں اور اپنے تہواروں کے موقع پر اپنے اپنے مذاہب کے مطابق عبادت کرنے اور اپنے مذہب پر عمل کرنے کا پورا پورا حق حاصل ہے اور جو حق غیر مسلم شہریوں کو آئین پاکستان نے دیے ہیں ان کو کوئی فرد، گروہ یا جماعت سلب نہیں کر سکتی۔ جو غیر مسلم اسلامی ریاست میں امن کے ساتھ رہتے ہیں انہیں قتل کرنا جائز نہیں ہے بلکہ گناہ ہے اور جو آئین پاکستان اور قوانین پاکستان کی خلاف ورزی کریں ریاست کی ذمہ داری ہے کہ ان کو قانون کے دائرے میں سزا دے۔ اسلام کی روسے خواتین کا احترام اور ان کے حقوق کی پاسداری کرنا سب کیلئے ضروری ہے کیونکہ خواتین کو وراثت میں حق دینا اور خواتین کی تعلیم کا حکم شریعت اسلامیہ نے دیا ہے۔ محرم الحرام، صفر المظفر کے ایام عزا میں پاکستان کے تمام شہریوں اور مسلمانوں کو مقررہ مجالس، کانفرنسز، اجتماعات منعقد کرنے کی حسب قانون آزادی ہوگی نیز قانون کے دائرے میں چادر و چار دیواری کے تقدس کا مکمل خیال رکھا جائے گا۔ تمام اہل محلہ اور محبان اہل بیت علیہم السلام اور عاشقان صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ باہمی برداشت کے ساتھ وطن اور اسلام دشمنوں کی سازشوں پر پوری نظر رکھیں نیز تمام مکتب فکر کے مسلمانوں کے ساتھ ان کے نظریہ اور عقیدہ کے مطابق قانونی اور آئینی طور پر ایام کربلا منانے کیلئے بھرپور مدد کریں گے۔ تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام، ذاکرین عظام و خطبا امت کو جوڑنے کا فریضہ ادا کرنے کے ساتھ ساتھ مفسدین اور تخریب کاروں پر نظر رکھ کر موقع پر ہی انتظامیہ کے حوالے کریں گے۔ یہ امر پہلے سے طے شدہ ہے کہ ہر مسلک کے عالم، واعظ، خطیب، ذاکر کو اپنے مسلک کے پیروکاروں کو اپنے مذہب کے عقائد، اصول و فروع کو بیان کرے لیکن انداز بیان میں اس بات کا خیال رکھے کہ تمام عالم اسلام کی مذہبی و دینی شخصیات کی توہین نہ ہو اور دوسروں کے عقائد ونظریات کو طعن وتشنیع کا نشانہ نہ بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم تمام علما و مشائخ ملک کے تمام سرکاری و غیر سرکاری ذرائع ابلاغ سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ محرم الحرام سے قبل، بعد اور دوران پیغام پاکستان کی روشنی میں مرتب کردہ ضابطہ اخلاق کی مکمل تشہیر کریں اور وحدت و اتحاد کے پیغام کو عام کرنے میں معاون بنیں۔ انہوں نے کہا کہ سوشل، الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا پر کسی بھی ایسی تحریر وتقریر جس سے اشتعال پیدا ہو سے گریز کیا جائے اور متعلقہ حکومتی ادارے اس کے خلاف فوری طور پر کارروائی کریں۔

بقیہ 13

کوئی آفر نہیں ہوئی، ن لیگ اور پیپلز پارٹی نے مل کر 4، 5 نام فائنل کئے ہیں جو دوسری پارٹیوں سے بھی ڈسکس ہوں گے، نگران وزیراعظم کا نام ایک ہفتے میں فائنل ہو جائے گا، حتمی فیصلہ اتحادی جماعتوں کی قیادت کرے گی۔ وفاقی وزیر دفاع نے کہا ہے کہ میرے خیال میں 90 دن میں الیکشن ہوں یہی ہمیں سوٹ بھی کرتا ہے، میری ذاتی رائے ہے الیکشن 90 دن سے بھی پہلے ہوں، میرے خیال میں اسمبلیاں دو دن پہلے تحلیل ہو جائیں گی، اسمبلی میں میدان خالی چھوڑا جاتا تو بہت مشکل ہوتی۔ خواجہ آصف نے وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار کے حوالے سے کہا کہ انہوں نے تو کبھی اپنا نام نگران وزیراعظم کیلئے نہیں دیا نہ کسی سٹیج پر ایسی کسی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ لیگی رہنما کا مزید کہنا تھا کہ آصف زرداری سے متعلق اعتبار کا بیان میرا ذاتی تھا، اب بھی ان سے متعلق احتیاط کرتا ہوں۔

بقیہ 14

قائدن لیگ کا سوئٹزرلینڈ اور جرمنی کا دورہ بھی متوقع ہے۔ محمد نواز شریف یورپ میں سات دن قیام کے بعد لندن کیلئے روانہ ہوں گے، یورپ میں قیام کے دوران ان کی سیاسی رہنماؤں سے اہم ملاقاتیں متوقع ہیں۔

بقیہ 15

کا دوبارہ استعمال ہے۔ ہیپاٹائٹس کے عالمی دن پر جاری بیان میں ڈاکٹر فیصل سلطان نے کہا کہ پاکستان میں ہیپاٹائٹس بی سی اور ایڈز کے پھیلاؤ کا بڑا سبب سرنجز کا دوبارہ استعمال ہے، پاکستان میں سالانہ ڈیڑھ ارب سے زائد انجکشن لگتے ہیں، اوسطاً ہر شخص کو 6 سے زائد انجکشن سالانہ لگائے جاتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ آلودہ خون کی منتقلی بھی بیماریوں کے پھیلاؤ کا سبب ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام آبادی کو ٹیسٹ وٹریٹ کر کے بیماری پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ دوسری جانب ڈاکٹر سعد خالد نیاز نے کہا ہے کہ خون کا عطیہ دینے سے ہیپاٹائٹس بی اور سی کا ٹیسٹ مفت ہو جاتا ہے، ہیپاٹائٹس اے اور ای آلودہ پانی سے پھیلنے والی بیماریاں ہیں۔ علاوہ ازیں عالمی ادارہ صحت کے مطابق پاکستان میں ہیپاٹائٹس سی کے مریضوں کی تعداد ایک کروڑ 20 لاکھ سے زائد ہے

بقیہ 16

داخل ہو گیا، سیلاب کے باعث کپاس، تل، مکئی اور چارہ جات کی فصلیں تباہ ہو گئیں۔ انتظامیہ کی جانب سے کوئی دادرسی نہ ہونے کی وجہ سے لوگ اپنی مدد آپ کے تحت مال مویشیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کر رہے ہیں۔

بقیہ 17

کے بعض اضلاع میں بیماری کی شرح 9 فیصد تک پہنچ گئی۔ ہیپاٹائٹس کنٹرول پروگرام کے تحت صوبے میں 4 لاکھ 51 ہزار 317 افراد کی سکریننگ کے دوران 21 ہزار 593 افراد ہیپاٹائٹس میں مبتلا پائے گئے۔ کوآرڈینیٹر ہیپاٹائٹس کنٹرول پروگرام بلوچستان ڈاکٹر شعیب عزیز کرد نے کہا ہے کہ اس وقت بلوچستان میں ہیپاٹائٹس بی اور سی کی شرح 4 سے 5 فیصد ہے لیکن جعفر آباد اور صحبت پور میں اس کی شرح 8 سے 9 فیصد ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق ہیپاٹائٹس بی اور سی کے پھیلاؤ کا بڑا سبب استعمال شدہ سرنجز، آلودہ طبی و حجامت کے آلات کا استعمال و غیر سکرین شدہ خون کی انسانی جسم میں منتقلی ہے، اس کے علاوہ ہیپاٹائٹس اے اور ای آلودہ پانی کے پینے، سیوریج کے پانی سے کاشت کی گئی سبزیوں کے استعمال سے بھی پھیلتا ہے۔ طبی ماہرین نے بتایا کہ صوبے میں ہیپاٹائٹس بارے شعور و آگاہی کا فقدان، ضلعی سطح پر مرض کی تشخیص و علاج کی سہولیات، دیگر وسائل کا فقدان اس کا پھیلاؤ روکنے بارے بڑا چیلنج ہے۔

بقیہ 18

فرائض سرانجام دیں نو اور دس محرم الحرام کو سکیورٹی اداروں جلوس کے منتظمین سے مکمل تعاون کریں عزاداری کے جلوسوں کیراستوں پر کسی قسم کی کوئی رکاوٹ حائل نہیں ہونی چاہئے انہوں نے مزید کہا کہ مذہب اسلام امن اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے حسین ابن علی کی قربانی دین کی سربلندی کے لئے تھی آپ کی حیات مبارک ہمارے لئے مشعل راہ ہے۔

بقیہ 19

تفصیلات کے مطابق ملک بھر میں نو اور دس محرم الحرام کی مناسبت سے وسیع پیمانے پر نذر و نیاز تقسیم کرنے کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ گزشتہ روز نویں محرم پر شہریوں کی جانب سے مختلف کھانے پکا کر تقسیم کئے گئے جبکہ دودھ اور شربت کی سبیلیں بھی لگائی گئیں۔ دوسری جانب لوگوں کی بڑی تعداد نے قبرستانوں کا رخ کیا اور اپنے پیاروں کی قبروں پر فاتحہ خوانی کے بعد لپائی کا خصوصی اہتمام کیا گیا۔ بعض قبرستانوں میں صاحب ثروت شخصیات کی جانب سے مٹی کی ٹرالیاں منگوا کر دی گئیں اور لوگوں نے بغیر قیمت وہاں سے مٹی لے کر اپنے پیاروں کی قبروں پر ڈالی اور لپائی کی جبکہ بعض قبرستانوں میں گورکنوں کی جانب سے مٹی کی ٹرالیاں منگوائی گئیں اور منہ مانگے داموں پر فروخت کی گئی۔ راج اور مزدوروں نے بھی گزشتہ سال کے مقابلے میں زائد مزدوری وصول کی۔

بقیہ 20

کو عدالت میں ریکارڈ سمیت طلب کر لیا ہے۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز تھانہ سمن آباد میں وفاقی وزیر قانون رانا ثنا اللہ خان کے گھر پر حملہ کے مقدمہ کی سماعت ہوئی جس میں سرکاری وکیل کی طرف سے عدالت کو آگاہ کیا گیا کہ اس مقدمہ میں ملزمان شامل تفتیش ہو چکے ہیں، جبکہ جے آئی ٹی کی طرف سے تفتیش مکمل نہیں کی جاسکی ہے، جس کے بعد انسداد دہشت گردی کی عدالت کے سپیشل جج محمد حسین نے مقدمہ کی تفتیش کرنے والی جے آئی ٹی کو جواب دہی کیلئے 21 اگست کو عدالت میں پیش ہونے کے احکامات جاری کیے ہیں۔

بقیہ 21

موت کی تصدیق کر دی۔ واضح رہے کہ کراچی کے علاقے گارڈن شو مارکیٹ کے قریب بچے کو بجلی کے کھمبے سے کرنٹ لگا تو اہل علاقہ نے اپنی مدد آپ کے تحت بچے کو بچالیا تھا۔

بقیہ 22

حیثیت میں طلب کر لیا۔ الیکشن کمیشن نے چیئرمین پی ٹی آئی وکلا کی ریکارڈ فراہمی کی استدعا بھی منظور کر لی۔ تحریری فیصلے میں کہا گیا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی کو متعلقہ ونگ سے درکار دستاویزی دی جائیں، چیئرمین پی ٹی آئی کی پیشی کے بعد ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری وقتی طور پر معطل کیے جاتے ہیں۔

بقیہ 23

سیکرٹری کینٹ بورڈ ریاست علی اور فیلڈ سٹاف کی موجودگی میں کھلی کچہری میں پیش ہوا۔ اس موقع پر شکایت پیش کی کہ ہماری آبادی میں ایک برساتی نالہ ہے جو کہ تقریباً 10 فٹ گہرا ہے۔ ہر سال جس سے جانی و مالی نقصان ہوتا ہے۔ 2022 میں ایک بچہ ڈوب کر جاں بحق ہو گیا تھا۔ ایک دن قبل طوفانی بارش سے نالہ میں طغیانی آئی اس نالہ کی صفائی کروائی جائے کیونکہ بڑی آبادی کو جانی و مالی نقصان کا خطرہ ہے۔ 15 دن سے سیکرٹری صاحب کے پاس آ رہے ہیں اور کوئی شنوائی نہیں ہو رہی جس پر ڈپٹی ایگزیکٹو آفیسر تنویر کلو غصے میں آ گئے اور سیکرٹری کینٹ بورڈ ریاست نے اپنے سٹاف کو کہا کہ اس آدمی کو اٹھا کر یہاں سے باہر پھینک دو جس پر ان میں سے سرکاری افسر نے اٹھ کر گالیاں دینا شروع کر دیں اور مجھے مارنے کیلئے آگے بڑھا جس کا ویڈیو ثبوت بھی موجود ہے۔ پھر سیکرٹری صاحب نیچے جا کر تمام گارڈز اور انفورسمنٹ کو جمع کر کے اوپر بورڈ روم لے آئے لیکن وہاں موجود عوامی نمائندگان نے مجھے بحفاظت گیٹ سے باہر نکالا۔ انہوں نے متعلقہ اعلیٰ حکام سے آزادانہ انکوائری کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ کسی اچھے ایم او ڈی کو انکوائری کا حکم صادر فرمایا جائے تاکہ کنٹونمنٹ بورڈ کی بدنامی کا باعث بننے والے حکام کیلئے تادیبی کارروائی کی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ جنرل پبلک کے ساتھ ناروا رویہ رکھنے خدمات کے عوض ٹیکسز لینے والے ادارے میں ضعیف العمر عورتوں اور مردوں کا احترام ہونا چاہیے جبکہ ایگزیکٹو آفیسر کو کھلی کچہری کا انعقاد خود کرنا چاہیے۔ اہالیان شالے ویلی، خدمت مرکز راولپنڈی، سول سوسائٹی اور صدر شالے ویلی سوسائٹی نے اعلیٰ حکام سے معاملہ کا نوٹس لینے اور محکمانہ انکوائری کر کے کنٹونمنٹ بورڈ کی بدنامی کا باعث بننے والے حکام کو فوری ٹرانسفر کرنے کی بھی اپیل کی۔ انہوں نے کہا کہ انصاف کی عدم فراہمی پر محرم الحرام کے فوری بعد احتجاج کی کال دی جائیگی۔ ادھر شہریوں نے بتایا کہ عوامی شکایات پر متعلقہ حکام کا رویہ ناروا ہوتا ہے جبکہ چند ہی ہفتوں میں ٹوٹ پھوٹ جانیوالی نو تعمیر سڑکوں اور سٹریٹ لائٹس سمیت کینٹ کے دیگر مسائل پر نشاندھی کے باوجود بھی نوٹس نہیں لیا جارہا۔

بقیہ 24

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کو مبارک باد دی اور کہا کہ داتا دربار کی توسیع کا کارنامہ سنہری حروف سے لکھا جائے گا، 1999 میں نواز شریف کے دور میں بھی دربار کی توسیع کی گئی۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ حضرت داتا علی ہجویری کی تعلیمات ہمارے لئے روشن باب ہیں، محرم الحرام کے ایام میں امت مسلمہ شہدائے کربلا کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ شہریوں کی سہولت کیلئے آن لائن نذرانہ ایپ کا افتتاح کر دیا ہے، آن لائن نذرانہ دینے والوں کو تصدیقی میسج بھی موصول ہوگا۔ تقریب میں سابق صوبائی وزیر بلال یاسین، ایڈمنسٹریٹر داتا دربار شاہد حمید ورک، صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی امور اظفر علی ناصر اور سیکرٹری اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری سمیت دیگر افراد نے بھی شرکت کی۔ یاد رہے کہ حضرت داتا گنج بخش کے عرس کی تقریبات غسل کے 40 روز بعد 18 صفر سے شروع ہوں گی۔

بقیہ 25

میں امام حسینؓ نے اسلام کی سربلندی کے لئے جو قربانی دی، وہ رہتی دنیا تک زندہ جاوید رہے گی، کربلا میں امام حسینؓ نے خود سمیت اپنے پورے خاندان کی قربانی دی مگر باطل کے سامنے نہیں جھکے، واقعہ کربلا قیامت تک حق وباطل کے درمیان تفریق کرنے کا پیمانہ ہے اور یہ آنے والی نسلوں کے لئے پیغام بھی ہے اسی لئے اس دن کو اتنی اہمیت دی جاتی ہے۔ گورنر سندھ نے کہا کہ قتل حسینؓ اصل میں مرگ یزید ہے، اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

بقیہ 26

، اکثر ہیپاٹائٹس کی علامات جگر کو شدید نقصان پہنچنے تک ظاہر نہیں ہوتی، وائرس سے متاثرہ افراد برسوں اسے ساتھ لے کر چلتے ہیں جس سے انہیں جگر کی بیماری، اگلی سٹیج کے کینسر کا خطرہ لاحق ہو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں قوم کی فلاح و بہبود یقینی بنانے کیلئے ہیپاٹائٹس سی کی سکریننگ اور جلد تشخیص کو ترجیح دینے کی ضرورت ہے، پاکستان میں تقریباً ایک کروڑ ہیپاٹائٹس سی کے مریض ہیں، پوری آبادی کی فعال طور پر سکریننگ، بیماری میں مبتلا افراد کا فوری علاج ہمارا فرض ہے۔ انہوں نے کہا کہ بروقت کارروائی نہ کرنے سے ملک میں ہیپاٹائٹس سے متاثرہ افراد کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہو سکتا ہے، جس سے جگر کے کینسر کی تباہ کن وباء پھیلنے کا خطرہ ہو سکتا ہے۔ صدر عارف علوی نے کہا کہ قوم کے صحت مند، خوشحال مستقبل کیلئے آج ہی اقدامات لینا ہوں گے، ہیپاٹائٹس کے عالمی دن پر ہم ہیپاٹائٹس کی روک تھام، کنٹرول، خاتمے کو قومی ترجیح بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں احتیاطی تدابیر پر توجہ دے کر سکریننگ، ٹیسٹنگ اور علاج کی سہولیات بڑھا رہے ہیں، ہمیں بیماری کا خطرہ بڑھانے والے عوامل کو فوری کم کرنا، لوگوں کو ہیپاٹائٹس سے بچاؤ، سکریننگ، علاج بارے آگاہی پیدا کرنا ہوگی

بقیہ 27

بائل فون سروس کی بندش کے لیے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کو باضابطہ خط لکھ دیا ہے۔ 9 محرم کو سیکٹر جی 6، جی 7 میں دن 1 سے رات 10 بجے تک موبائل سروس معطل رہے گی جبکہ آئی 10 اور ملحقہ سیکٹرز میں شام 6 سے صبح 6 بجے تک موبائل فون سروس بند رہے گی۔ وزارت داخلہ کے مطابق 11 محرم کو شاہ اللہ دتہ میں دن 2 سے شام 7 بجے تک موبائل فون سروس معطل رہے گی جبکہ بری امام نور پور شاہ میں دن 12 سے رات 7 بجے تک موبائل فون سروس بند ہوگی۔ جب کہ صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت صوبہ بھر میں نو اور دس محرم الحرام کو ڈبل سواری پر پابندی عائد ہوگی۔ پنجاب حکومت کی جانب سے دفعہ 144 کے نفاذ کے تحت آج اور کل (جمعہ اور ہفتہ) نو اور دس محرم الحرام کے موقع پر موٹر سائیکل کی ڈبل سواری پر پابندی ہوگی۔ پولیس اور ٹریفک پولیس کو احکامات دیئے گئے ہیں کہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔ علاوہ ازیں لاہور سمیت صوبہ بھر میں محرم الحرام کے جلوسوں کے روٹس اور اطراف میں موبائل فون سروس جزوی طور پر معطل ہو گی۔ پولیس کی طرف سے یوم عاشور پر سکیورٹی انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق عشرہ محرم کے دوران صوبہ بھر میں 1 0 1 لاکھ 25 ہزار سے زائد افسران و اہلکار سکیورٹی پر تعینات ہیں جبکہ لاہور میں 13 ہزار سے زائد افسران و اہلکار محرم جلوسوں اور مجالس کے سکیورٹی فرائض ادا کر رہے ہیں۔

بقیہ 28

دی۔ یاد رہے کہ ملزمہ کیم اگست تک حفاظتی ضمانت پر ہیں، لاہور ہائیکورٹ نے گزشتہ روز سول جج کی اہلیہ کی ضمانت منظور کی تھی، ذرائع کے مطابق نئی دفعات شامل ہونے کے بعد ملزمہ کو دوبارہ ضمانت کرانا پڑے گی۔ بیان قلمبند اس سے قبل اسلام آباد پولیس نے سول جج کی اہلیہ ثومیہ عاصم کے ہاتھوں بہیمانہ تشدد کا نشانہ بننے والی کمسن گھریلو ملازمہ اور اس کے والد کا بیان قلم بند کیا۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق پولیس کو ابھی تک بچی کی مصدقہ میڈیکل رپورٹ موصول نہیں ہوئی، جرم میں شریک تمام افراد کی چھان بین کی جا رہی ہے۔ کیس کا پس منظر سرگودھا کی رہائشی نوعمر لڑکی کو پیر کے روز لاہور جنرل ہسپتال منتقل کیا گیا تھا جب کہ اسلام آباد کے سول جج اور ان کی اہلیہ پر تشدد کرنے کا الزام لگایا گیا تھا۔ واضح رہے کہ تشدد کا شکار بچی کے سر میں زخم کے باعث کیڑے پڑ چکے تھے جبکہ پھیپھڑے اور گردے بھی متاثر تھے، بچی کے دونوں بازوں کی ہڈیاں ٹوٹی ہوئی تھیں اور وہ خوف و ہراس کا شکار تھی۔

بقیہ 29

2 ملزمان اسحاق ولد محمد دین سکنہ کشمیر، عدنان ولد اورنگزیب سکنہ نواں شہر الیاسی کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے چھینا گیا موبائل اور رقم برآمد کر لی۔ دوسری کارروائی میں ایس ایچ او نواں شہر سردار واجد نے بلال ٹاؤن میں آن لائن موبائل کی خرید و فروخت کے بہانے شہری کا موبائل چھیننے والے ملزم عدیل ولد فرید سکنہ پی ایم اے روڈ کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضے سے چھینا گیا موبائل برآمد کر لیا۔ تھانہ نواں شہر میں ملزمان کے خلاف زیر دفعہ 392 پی پی سی مقدمات درج کر لئے گئے۔ تیسری کارروائی کے دوران نواں شہر پولیس نے منشیات فروش ریاست ولد رستم سکنہ دھمتوڑ کو 6 کلو 345 گرام چرس سمیت گرفتار کر لیا۔ ملزم کے خلاف امتناع منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا

بقیہ 30

قریب بجانب لاہور موٹروے 4 کلومیٹر کے فاصلہ پر تیز رفتار مسافر بس اور ٹیک کرتے ہوئے ٹرالر سے ٹکرا گئی جس کے نتیجہ میں 29 سالہ بس ڈرائیور عمران بلوچ ولد خدا بخش موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا جبکہ 15 افراد زخمی ہوئے جن میں سے 5 شدید زخمی افراد مروا طارق دختر طارق نعیم 25 سال، تصور ولد غلام عباس 24 سال، ناصر ولد غلام جعفر 32 سال، رفاقت ولد غلام عباس 30 سال، فیروز ولد نامعلوم 40 سال کو فوری طبی امداد کیلئے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ حادثہ میں زخمی ہونیوالے 10 مسافروں منیر ولد احمد یار 36 سال، طارق ولد طالب 26 سال، غفور ولد عبدالمجید 55 سال، نادیہ دختر شمروز 30 سال، ابوہریرہ ولد مبشر 21 سال، عرفان خان ولد حق نواز 31 سال، عثمان ولد زاہد جاوید 23 سال، اسرار ولد ریاض 30 سال، فہیم ولد شوکت علی 32 سال اور محبوب ولد نواب دین 39 سال کو موقع پر فوری طبی امداد فراہم کی گئی۔ ترجمان ریسکیو 1122 زاہد لطیف نے بتایا کہ حادثہ کی اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیمیں فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچیں اور موٹروے پولیس کی مدد سے زخمیوں کو بس سے باہر نکالا جبکہ ڈرائیور کی نعش کو بس کی باڈی کاٹ کر نکالا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ ریسکیو 1122 کی 8 گاڑیوں نے آپریشن میں حصہ لیا

بقیہ 31

استحکام پاکستان پارٹی یا پرویز خٹک کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں۔ آئی پی پی اور پرویز خٹک کی سیاست ان کے مفادات ہیں۔ یہ پہلے مفادات کے لیے پی ٹی آئی میں گئے اور اب نئے گھونسلے ڈھونڈ رہے ہیں لیکن ہمیں ان کی کوئی ضرورت نہیں۔ انہوں نے اتحادیوں کی جانب سے گورنر خیبر پختونخوا حاجی غلام علی پر تحفظات کے حوالے سے سوال کے جواب میں کہا کہ گورنر کا تقرر اکیلی جے یو آئی کا فیصلہ نہیں تھا بلکہ یہ پی ڈی ایم اور حکمران اتحاد کا فیصلہ تھا اس میں تمام قیادت نے مشاورت سے متفقہ فیصلہ کیا، جب گورنر بنا رہی تھا اس وقت چارسدہ میں جلسہ تھا اس میں مولانا فضل الرحمان نے بھی آنا تھا، وہاں پر ایمل ولی خان نے خود اعلان کیا کہ خیبر پختونخوا کے گورنر حاجی غلام علی ہوں گے اور انہوں نے اجتماع کو کہا کہ ہاتھ اٹھا کر زندہ باد بھی کہیں

بقیہ 32

ناک ڈاکو ہلاک اور 2 شدید زخمی ہو گئے بعد ازاں دو شدید زخمی ڈاکو بھی چل بسے۔ ترجمان کے مطابق اندھڑ گینگ کا سربراہ جانو اندھڑ اور بدنام زمانہ مشی اندھڑ سار شرکہ شر بھی مارے گئے، گولیاں لگنے سے خطرناک ڈاکو شہزادہ ڈتی اور بھوری شر شدید زخمی ہو گئے تھے جو بعد ازاں ہلاک ہو گئے مقابلہ میں مجموعی طور پر ہلاک ڈاکوؤں کی تعداد 6 ہو گئی۔ واضح رہے کہ اندھڑ گینگ نے ڈیڑھ سال قبل ماہی چوک میں 9 افراد کو بے دردی سے قتل کیا تھا۔ ملزمان پر سندھ اور پنجاب میں سنگین مقدمات درج ہیں۔ جانو اندھڑ اور دیگر ملزمان کے سروں پر دو۔ دو کروڑ روپے کا انعام سندھ حکومت نے مقرر کر رکھا تھا۔ اس کے علاوہ ملزمان کے سروں کی قیمت پنجاب حکومت نے بھی مقرر کر رکھی تھی۔ کچے آپریشن میں پولیس کو اب تک ملنے والی یہ سب سے بڑی کامیابی ہے۔

بقیہ 33

پنجاب نے صوبے کے مختلف علاقوں سے سوشل میڈیا پر نفرت انگیز مواد پھیلانے پر بھی 7 افراد کو گرفتار کر لیا ہے۔

بقیہ 34

ضابطہ اخلاق اور حکومت پنجاب کے احکامات پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا، فول پروف سکیورٹی انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے تمام اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا

بقیہ 35

جلوسوں کے دوران اسکاؤٹس، جلوس منتظمین اور انتظامیہ سے قریبی رابطہ رکھیں، جبکہ مجالس اور جلوس کے پرامن آغاز اور اختتام کو یقینی بنانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں۔

بقیہ 36

کے والد کا بیان قلمبند کر لیا ہے۔ اسلام آباد پولیس کا کہنا ہے کہ جج کی اہلیہ نے یکم اگست تک ضمانت حاصل کر رکھی ہے۔ گزشتہ روز لاہور ہائیکورٹ نے ملازمہ تشدد کیس میں سول جج کی اہلیہ کی حفاظتی ضمانت منظور کی تھی، عدالت نے سومیہ عاصم کو یکم اگست تک گرفتار کرنے سے روک دیا تھا۔ جسٹس فاروق حیدر نے سومیہ عاصم کی حفاظتی ضمانت کی درخواست پر سماعت کی، عدالت نے سومیہ عاصم کی یکم اگست تک حفاظتی ضمانت منظور کی۔ جبکہ وفاقی پولیس نے تھانہ سہالہ کی حدود میں گھریلو ملازمہ بچی پر بہیمانہ تشدد میں ملوث جج کی اہلیہ کی گرفتاری کیلئے پمفلٹ بھی جاری کیا تھا جس میں عام شہریوں سے ملزمہ کی گرفتاری کیلئے مدد دینے کی درخواست کی گئی تھی۔ ترجمان اسلام آباد پولیس نے کہا کہ گھریلو ملازمہ بچی پر تشدد کا مقدمہ تھانہ سہالہ (ہمک) میں درج کیا گیا، ملزمہ کی گرفتاری کیلئے، اے ایس پی سہالہ کی زیر نگرانی پولیس ٹیم نے گوجرانوالہ، لاہور اور راولپنڈی میں چھاپے مارے تاہم کامیابی نہیں ہوئی۔ ادھر تشدد کا شکار لڑکی کے اہلخانہ نے اسلام آباد پولیس پر الزام لگایا کہ ملزمہ کو گرفتار کرنے سے جان بوجھ کر گریزاں ہے۔ پولیس با اثر ملزمہ سمیت دیگر ملزموں کو گرفتار کرنے کے بجائے معاملہ رفع دفع کرنے کیلئے صلح کیلئے جابرانہ رویہ اختیار کرتے ہوئے دباؤ ڈال رہی ہے

بقیہ 37

امپیریل کالج آف بزنس اسٹڈیز کی پروفیسر ڈاکٹر طاہرہ عزیز مغل، مشیر پی اینڈ ڈی اینڈ فنانس، ایچ ای سی رکن ڈاکٹر ایم مظہر سعید بھی کمیٹی کا حصہ ہیں۔ کمیٹی میں شامل تمام افراد کے نوٹیفکیشن اور رکن کمیٹی کے ٹرمز آف ریفرنس بھی جاری کر دیئے گئے۔ یاد رہے کہ دو روز قبل وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور ڈاکٹر اطہر محبوب نے کہا کہ جامعہ کی طالبات کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر بدنام کیا گیا، ہزاروں ویڈیوز کہاں ہیں پولیس ثبوت پیش کرے۔ وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب نے اپنی مدت ملازمت کے آخری روز یونیورسٹی سے متعلق خبروں کو بے بنیاد اور جھوٹا پراپیگنڈا قرار دیتے ہوئے کہا کہ احتساب کیلئے خود کو ہر فورم پر پیش کرتا ہوں، اگر ایسی کوئی شکایت تھی تو ہمیں بھی اعتماد میں لیا جاتا۔ جامعہ کسی بھی ملوث کردار کو کیفر کردار پر پہنچائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کا معاملہ مفروضے پر مبنی ہے، اس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ پولیس پر الزامات عائد کرتے ہوئے انکا کہنا تھا کہ پولیس کی جانب سے کچھ طالبات اور اسٹاف سے پیسے لینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ڈاکٹر اطہر محبوب نے کہا کہ شفاف ٹرائل کا حق سب کو ہے، جامعہ کے خلاف دوٹرائلز شروع کیے گئے، ہم ثبوت اعلیٰ حکام کو پیش کریں گے۔

بقیہ 38

میڈیا ڈائریکٹوریٹ کے مطابق چیئرمین سینیٹ و ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ واقعہ کربلا ہمیں اعلیٰ مقاصد کے حصول کی خاطر ایثار و قربانی، صبر و استقامت کا وہ درس دیتا ہے، جس کے لئے کسی بھی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کیا جاسکتا۔ یہی وہ عمل ہے جسے نواسہ رسول ﷺ نے اختیار کیا اور ہمیں حق کی سربلندی کے لئے ڈٹ جانے کا پیغام دیا۔ آج کا دن نواسہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عظیم افکار و اعمال اور ثابت قدمی کا دن ہے۔ شہید کربلا حضرت امام حسینؓ، ان کے خانوادے اور رفقائے کار نے میدان کربلا میں شہادت پا کر تاریخ اسلام میں اس دن کو تا قیامت امر بنا دیا ہے۔ امام حسینؓ خوف خدا، فیاضی و سخاوت، زہد و تقویٰ، شجاعت و بہادری جیسے اعلیٰ ترین اوصاف کے حامل تھے جنہوں نے شہادت کا راستہ اختیار کیا اور اسلام کی راہ میں شہادت کا عظیم رتبہ پا کر ایثار و قربانی کی ایک نئی داستان رقم کی۔ امام عالی مقام حضرت امام حسینؓ کی شہادت تاریخ کے ہر دور میں صراط مستقیم پر چلنے والے قافلوں کے لئے ایک روشن مثال ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حضرت امام حسینؓ کی عظیم شہادت ہمیں دین اسلام کے لئے اپنی جان کی بازی لگا دینے کا درس دیتی ہے۔ چیئرمین سینیٹ و ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ اس میں کوئی شبہ نہیں ہے کہ شہادت حضرت امام حسینؓ کی عظیم قربانی ہمیں زندگی کے ہر شعبے میں راہنمائی ملتی ہے۔ میں دعا گو ہوں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ پاکستان کو امن، ترقی و خوشحالی سے ہمکنار فرمائے اور یوم عاشور کے اصل پیغام جو کہ عظیم قربانی پر مبنی ہے کو ہماری زندگیوں میں شامل فرمائے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی وناصر ہو

بقیہ 39

کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم طارق حسین کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرم رواں سال سے پیرودھائی پولیس کو مطلوب تھا، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرمان اور انکے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں۔

بقیہ 40

کے ہمراہ نئی پوسٹل سروس "یوایم سی اوورنائٹ سروس" کا افتتاح کر دیا۔ یہ ابتدائی طور پر سیالکوٹ سمیت پاکستان کے 9 اضلاع میں شروع کی گئی ہے یہ سروس 24 گھنٹے صارفین کو سروس فراہم کرے گی

بقیہ 41

کے گلگت اور چلاس حدود کا ہے، وائرل ویڈیو میں دکھایا گیا ہے کہ ایک سیاح کی طرف ایک بندے نے پستول نکال کر اسے ڈرانے کیلئے فائرنگ کی، ویڈیو کو ضلع مانسہرہ کے سیاحتی مقام بابوسر ٹاپ سے منسلک کرنا سراسر غلط اور بے مقصد ہے۔ مانسہرہ پولیس نے وضاحتی بیان میں مزید کہا اصل حقائق یہ ہیں کہ بابوسر ٹاپ کا کچھ علاقہ ضلع مانسہرہ کی حدود میں آتا ہے اور کچھ علاقہ گلگت اور چلاس کی حدود میں آتا ہے۔ سیاح مہمان کے ساتھ دراصل واقعہ گلگت/ چلاس کی حدود میں رونما ہوا ہے، جس کی نسبت جل تھانہ میں مقدمہ بھی درج کر لیا گیا ہے، ملوث ملزمان کی گرفتاری کیلئے کوششیں کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع مانسہرہ کے تمام سیاحتی مقامات پر ڈی پی او مانسہرہ کی جانب سے گزشتہ سالوں کی نسبت امسال مزید فول پروف سکیورٹی انتظامات کئے گئے ہیں اور کاغان سے لیکر بابوسر ٹاپ تک 10 پولیس چوکیوں پر 120 سے زائد پولیس افسران و جوان تعینات کئے گئے ہیں جو دن رات سیاحوں کو سکیورٹی فراہم کرنے کیلئے پیٹرولنگ پر موجود ہوتے ہیں۔

بقیہ 42

الخدمت فاؤنڈیشن کے ضلعی سرپرست اعلیٰ عبدالرزاق خلیل اور ضلعی صدر رانا عبدالرؤف اور ضلعی جنرل سیکرٹری رانا معروف خاں نے بتایا کہ دکھ کی اس گھڑی میں الخدمت فاؤنڈیشن متاثرہ افراد کی ہر ممکن مدد کیلئے میدان میں آئی ہے سیلاب زدگان افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کے طبی امداد سمیت خوراک فراہم کرنا بھی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے

بقیہ 43

میں ہونے والی دہشتگردی کے واقعے پر آج ملک بھر میں یوم مذمت منایا جارہا ہے۔

بقیہ 44

کر حق کا پرچم بلند سربلند کیا۔ حضرت امام حسینؓ اور ان کے جانثاروں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے باطل کے سامنے نہ جھکنے کا درس دیا ہے۔ نواسہ رسول حضرت امام حسینؓ نے انسانیت کی عظمت اور اسلام کی سربلندی کیلئے لازوال قربانی دی اور نواسہ رسول حضرت امام حسینؓ اور ان کے جانثار ساتھیوں نے تاریخ اسلام کا درخشاں باب رقم کیا اور کربلا کے میدان میں دی گئی لازوال قربانیاں ہمارے لئے مشعل راہ ہیں۔

بقیہ 45

کو ہدایت کی گئی کہ اگلے 3 گھنٹے میں اس نالہ کو صاف کیا جائے اور الائنس کا انتظام مکمل کیا جائے جبکہ سٹینڈ بائی جنریٹر موجود ہونا چاہیے تاکہ شرکاء جلوس کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 46

پر آنے والے ہوٹلوں/ سرائیوں اور گھروں میں اجنبیوں کے ٹھہرنے پر پابندی عائد ہے، اس ضمن میں محکمہ داخلہ، خیبر پختونخوا نے تمام متعلقہ اداروں، پولیس اور قانون نافذ کرنیوالے اداروں کو پہلے ہی مراسلے ارسال کر چکا ہے۔

بقیہ 47

حجاج کو مجموعی طور پر 16 ارب روپے سے زائد واپس کر رہے ہیں۔ جمعرات کے روز اپنے دفتر میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر مذہبی امور طلحہ محمود نے کہا کہ اس سال حج کی تیاری کیلئے ہماری وزارت کو وقت بہت کم ملا اس کے باوجود ہم نے بھرپور محنت کی انہوں نے کہا کہ [illegible] اخراجات کی وجہ سے [illegible] نہیں بلکہ پاکستانی روپے میں [illegible] حج کرام سے وصول کریں [illegible] میری کوشش ہوگی کہ [illegible] اور حج کی آخری فلائٹ [illegible] کہا کہ اگلے سال کیلئے ایک لاکھ 79 ہزار [illegible] پاکستانی عازمین کا کوٹہ [illegible] لیے خوشخبری ہے اب اگلے سال کیلئے حج کے بہتر انتظامات کر سکیں گے۔

بقیہ 48

تھا کہ راستہ میں کھانے لگاتے ہوئے بیٹھے ملزمان غفران اور ساتھیوں نے فائرنگ کر دی جس سے [illegible] نعش تحویل میں لے کر پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل اور جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ 49

کہنا ہے کہ میاں اللہ یار کاروبار کے سلسلے میں بھی اسی ہوٹل میں ٹھہرے ہوئے تھے۔ [illegible] ہوٹل کی چوتھی منزل [illegible] کاروباری معاملات پر [illegible] تھا۔ معمولی جھگڑے کے بعد [illegible] طور پر انہیں چوتھی منزل سے نیچے پھینک کر قتل کر دیا گیا۔

بقیہ 50

وارداتوں میں ملوث دونوں ملزمان شہزاد اور فاروق کو ٹیکنیکل وسائل کی مدد سے گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کی نشاندہی پر [illegible] دین کے تنازعہ [illegible] تک تلاش کرتے رہے۔ پولیس نے موبائل فون ڈیٹا کی مدد سے [illegible] فاروق [illegible] اعتراف [illegible] کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ 51

تھی کہ تھانہ سٹی پولیس کی [illegible] پولیس پارٹی [illegible] حراست [illegible] اور 1500 روپے نقدی برآمد کر لی پولیس تھانہ سٹی نے مقدمہ درج کر لیا۔

بقیہ 52

گزشتہ شب تحریک انصاف کی خاتون رہنما [illegible] جسٹس [illegible] علی محمد خان [illegible] مردان [illegible] وزیر مملکت [illegible] نہیں کرنا۔

بقیہ 53

اینڈ سیشن جج کی عدالت سے پیشی کے بعد نکلنے والے مخالف سعید اسلم کو تحصیل کچہری سمندری میں فائرنگ کر کے قتل کرنے کے [illegible] 437 گ ب [illegible] کو قتل کے جرم میں سزائے موت اور 5 لاکھ روپے جرمانہ [illegible] جرمانہ کی عدم ادائیگی [illegible]

بقیہ 54

سون کی بارشوں کی شدت میں اضافے کی پیش گوئی کی ہے، بارشوں کا سلسلہ 30 جولائی تک [illegible] جاری رہے گا۔ دوسری جانب پی ڈی ایم اے نے [illegible]

بقیہ 55

اقوام متحدہ کے عالمی موسمیاتی ادارے (ڈبلیو ایم او) اور یورپی یونین کی کوپرنیکس کلائمیٹ چینج سروس نے ایک مشترکہ بیان میں [illegible] جولائی 2023 [illegible] ریکارڈ توڑ دے گی [illegible]

بقیہ 56

کو سولر کرنے کیلئے پراجیکٹ منظور کیا ہے جس کی ذمہ داری انرجی ڈیپارٹمنٹ حکومت پنجاب کو دی ہے۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ متعلقہ ہائر سیکنڈری سکولوں کے ہیڈ کو ہدایت جاری کی جائے کہ انرجی ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے اس پراجیکٹ کیلئے مقرر کئے گئے کنسلٹنٹ اور ان کی ٹیم کے ساتھ سکولوں کے سروے کرنے کے دوران مکمل تعاون کیا جائے۔

بقیہ 57

کی مصدقہ میڈیکل رپورٹ تاحال موصول نہیں ہوئی، جرم میں شریک تمام افراد کی چھان بین کی جا رہی ہے جبکہ تشدد کرنے والی ملزمہ نے یکم اگست تک ضمانت حاصل کر رکھی ہے۔ ترجمان پولیس نے کہا کہ چائلڈ لیبر قانوناً جرم ہے عوام ایسے کسی بھی واقعہ کا علم ہونے پر 15 پر اطلاع دیں۔ علاوہ ازیں سوشل میڈیا پر بچی کے انتقال کی جھوٹی وائرل خبروں کی اہل خانہ اور ڈاکٹرز نے تردید کی ہے۔

بقیہ 58

خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔

بقیہ 59

امام بارگاہوں کے منتظمین سے ملاقاتیں کیں اور سیکیورٹی و دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا۔ ایڈیشنل آئی جی کراچی جاوید عالم اوڈھو نے امام بارگاہوں اور اطراف کی سیکیورٹی انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی جاوید عالم اوڈھو نے وہاں تعینات پولیس افسران کو ہدایت کی کہ سیکیورٹی پلان کے مطابق فول پروف سیکیورٹی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو تحفظ کی فراہمی میں کسی بھی طرح کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 60

چنیوٹ، گجرات، حافظ آباد، جہلم، خانیوال، خوشاب، لیہ، منڈی بہاالدین، مظفر گڑھ، ننکانہ صاحب، اوکاڑہ، پاکپتن، شیخوپورہ، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور وہاڑی کے اضلاع کو دی گئی ہیں۔

بقیہ 61

کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی کو تھانہ سرور روڈ 96/23 میں تفتیش کے لیے بلایا، چیئرمین پی ٹی آئی نے پیشی کے دوران انگلی کیساتھ جے آئی ٹی کے سربراہ عمران کشور اور دیگر ممبران کو دھمکایا۔ چیئرمین نے دھمکی دی کہ پی ٹی آئی کی حکومت واپس آ رہی ہے، آپ سن لیں آپ نے رہنا نہیں ہے۔ ایف آئی آر کے مطابق تفتیش کے دوران کسی بھی ملزم کا افسر کو ڈرانا اور حکومت میں آ کر انتقامی کارروائی کا نشانہ بنانے کی دھمکی دینا، دراصل آزادانہ اور غیر جانبدار تفتیش کو روکنا ہے، ملزم کا یہ عمل قانون وضابطے کی خلاف ورزی ہے۔

بقیہ 62

، عدالتی فیصلوں کے ختم ہونے کا ایک طریقہ کار ہے، اس طریقے کو اپنایا گیا اور مریم نواز بری ہوئیں، قائد مسلم لیگ ن حفاظتی ضمانت لیں گے، اپیلوں پر سماعت کے بعد وہ بری ہو جائیں گے، ان پر جو پابندیاں لگائی گئیں ہیں وہ ختم ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ کہنا درست نہیں کہ نگران وزیراعظم کیلئے اسحاق ڈار کا نام دیا گیا اور مسترد ہو گیا، اسحاق ڈار کا نام کسی نے پیش ہی نہیں کیا۔ رانا ثنا اللہ کا مزید کہنا تھا کہ یہ نہیں کہا جاسکتا کہ ملک میں امن وامان کی صورت حال خراب ہے، خیبر پختونخوا میں دہشت گردی ضرور سر اٹھا رہی ہے تاہم قانون نافذ کرنیوالے ادارے نیک نیتی اور بہادری سے دہشت گردوں کا مقابلہ کر رہے ہیں۔

بقیہ 63

کے اندر اقتصادی آپریشنز پر بہت زیادہ توجہ دی گئی، پاکستان کے اسٹریٹیجک انفرااسٹرکچر، سائنس ٹیکنالوجی اور نئی ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز پر بھی توجہ ہے۔ چائنا اکنامک نیٹ کے مطابق بیجنگ میں پاکستانی سفارتخانے میں پاکستان میں ایک قابل عمل ڈرون انڈسٹری کی تعمیر کے موضوع پر کانفرنس ہوئی۔ معین الحق نے کہا لوگوں کی زندگی کو آسان بنانے کے لیے کئی صنعتوں میں ان مینڈ ایریل وہیکل (UAVs) کا استعمال کیا جا رہا ہے۔ مثلاً ڈیزاسٹر مینجمنٹ، سمارٹ سٹیز، پولیسنگ اور زراعت کا شعبہ ان ٹیکنالوجیز کا استعمال کر رہا ہے۔ سی پیک بی آر آئی کا فلیگ شپ پروجیکٹ ہونے کے ناطے پاکستان کی مدد کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا پاکستان میں سول ڈرون ریگولیٹری اتھارٹی کا قیام بھی زیر غور ہے۔

بقیہ 64

بازی اور انصاف کے حصول کا انمول سبق سکھاتی ہے، یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ظلم وجبر کے خلاف کھڑا ہونا ایک مسلمان کا اخلاقی فرض ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہدائے کربلا کا لازوال پیغام آج بھی ہمارے ساتھ گونجتا ہے جو ہمیں اپنی زندگی میں انصاف، ہمدردی اور استقامت کے اصولوں کو برقرار رکھنے کی ترغیب دیتا ہے، حضرت امام حسین کی قربانی کسی خاص وقت یا مقام تک محدود نہیں تھی، یہ سرحدوں سے بالاتر ہو کر نسلوں اور براعظموں میں مسلمانوں کے ساتھ گونجتی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ یوم عاشور ایک یاد دہانی ہے کہ انصاف، مساوات اور انسانی وقار کے لیے ہماری جدوجہد کو غیر متزلزل عزم سے ہمکنار ہونا چاہیے، حضرت امام حسین کی قربانی ہمیں سکھاتی ہے کہ حق اور انصاف کے لیے کھڑا ہونا کبھی بھی آسان نہیں ہوتا، یہ وہ راستہ ہے جو ہمیں کامیابی اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کی طرف لے جاتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ قوم اور پوری امت مسلمہ کو جن چیلنجوں اور آزمائشوں کا سامنا ہے، اس میں ہمیں حضرت امام حسین کی قربانی سے سبق حاصل کرنا چاہیے، یاد رکھیں کہ حق اور مقاصد کے حصول کی راہ میں رکاوٹیں صرف ثابت قدمی، قربانی اور اولوالعزمی سے ہی دور ہو سکتی ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ آئیے آج ہم اپنی روزمرہ زندگی میں حضرت امام حسین اور ساتھیوں کی عظیم مثال کی تقلید کرنے کی کوشش کریں، یہ مثال ہمارے معاشرے میں روشنی کے مینار اور بہترین نمونہ ہیں، اللہ تعالیٰ ہماری قوم اور امت مسلمہ پر رحم فرمائے، ہمیں اسلام کی تعلیمات اور امام حسین کی عظیم میراث پر ثابت قدم رہنے کی توفیق دے۔

بقیہ 65

عدالتوں میں بھی تعطیل کا اعلان کیا گیا ہے۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان ترجمان نے بتایا کہ سٹیٹ بینک آف پاکستان، سٹیٹ بینک بینکنگ سروسز، تمام شیڈولڈ بینک و مالیاتی ادارے یوم عاشور کے موقع پر آج بند رہیں گے نیز وفاقی ایوان ہائے صنعت و تجارت پاکستان اور سٹاک ایکسچینج گارنٹیز لیمٹڈ کے ذرائع نے بھی بتایا کہ وفاقی حکومت کے اعلان کے مطابق تمام چیمبرز آف کامرس اور سٹاک ایکسچینج بھی آج (ہفتہ) کو بند رہیں گی اور کسی قسم کا کوئی کاروبار نہیں ہوگا۔

بقیہ 66

اجلاس کے بعد گورنرسٹیٹ بینک جمیل احمد پریس کانفرنس میں نئی مانیٹری پالیسی سے متعلق بیان دینگے۔ واضح رہے کہ اس وقت شرح سود 22 فیصد کی بلند ترین سطح پر ہے، تاجر اور صنعتکار سٹیٹ بینک سے شرح سود میں کمی کی توقع کر رہے ہیں جبکہ معاشی تجزیہ نگاروں کا خیال ہے کہ شرح سود میں اضافہ یا موجودہ سطح برقرار رکھنے کا امکان ہے۔

بقیہ 67

کراچی، اسلام آباد، کوئٹہ، پشاور سمیت ملک کے تمام چھوٹے بڑے شہروں اور قصبوں میں مجالس اور شبیہ علم و ذوالجناح کے جلوس روایتی راستوں پر رواں دواں ہیں، جلوسوں کے دوران عزادار ماتم اور نوحہ خوانی کرتے ہوئے شہدائے کربلا پر ڈھائے گئے مظالم کو یاد کر رہے ہیں، جلوسوں کے راستوں میں بڑی تعداد میں نذر و نیاز کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ اسلام آباد اسلام آباد میں 9 محرم کا مرکزی جلوس امام بارگاہ اثنا عشری جی 6 سے برآمد ہوا جو اپنے روایتی راستوں سے ہوتا ہوا اسی جگہ اختتام پذیر ہوگا۔ پولیس کے مطابق مرکزی جلوس کی سیکیورٹی پر 1685 اہلکار وافسران تعینات

ہیپاٹائٹس خاموش بیماری، سکریننگ، جلد تشخیص کو ترجیح دینے کی ضرورت ہے: عارف علوی

مشرقی بحیرہ روم کے علاقے میں ہیپاٹائٹس سی کی بیماری کا 80 فیصد بوجھ مصر اور پاکستان پر ہے، صدر مملکت

بیماری کا خطرہ بڑھانے والے عوامل کو کم کرنا، لوگوں میں بیماری سے بچاؤ، علاج بارے آگاہی پیدا کرنا ہوگی

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) صدر عارف علوی نے کہا ہے کہ ہیپاٹائٹس خاموش بیماری، سکریننگ، جلد تشخیص کو ترجیح دینے کی ضرورت ہے، بروقت کارروائی نہ کرنے سے جگر کے کینسر کی تباہ کن وباء پھیل سکتی ہے، بیماری کا خطرہ بڑھانے والے عوامل کو کم کرنا، لوگوں میں بیماری سے بچاؤ، علاج بارے آگاہی پیدا کرنا ہوگی۔ ہیپاٹائٹس کے عالمی دن کے موقع پر پیغام میں صدر عارف علوی نے کہا کہ آج ہم ہیپاٹائٹس، متعلقہ بیماریوں بارے آگاہی پیدا کرنے کے لئے ہیپاٹائٹس کا عالمی دن منا رہے ہیں، ہیپاٹائٹس بی اور سی وائرس سے صحت عامہ کو بڑے خطرات لاحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مشرقی بحیرہ روم کے علاقے میں ہیپاٹائٹس سی کی بیماری کا 80 فیصد بوجھ مصر اور پاکستان پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہیپاٹائٹس سی خطرناک اور خاموش بیماری ہے (بقیہ نمبر 26)



لاہور: گزشتہ ایک سال میں گوادر پورٹ پر سامان کی آمدورفت، وزیراعظم حقائق سے لاعلم نکلے، پورٹ کے خوبصورت مناظر

امام حسینؑ نے اسلام کی سربلندی کیلئے جو قربانی دی وہ رہتی دنیا تک زندہ جاوید رہے گی: کامران ٹیسوری

گورنر سندھ نے کہا کہ شہدائے کربلا نے اپنے قول وفعل سے حق وصداقت کی راہ میں جانثاری کی عظیم تاریخ رقم کی

واقعہ کربلا قیامت تک حق و باطل کے درمیان تفریق کرنے کا پیمانہ ہے اور یہ آنے والی نسلوں کے لئے پیغام بھی ہے

کراچی (جنرل رپورٹر) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ دس محرم الحرام کے دن ہمیں اسلام کے لئے قربانی دینے کا سبق ملتا ہے، امام حسینؓ کی قربانی نے تاریخ میں اسلام کی سربلندی اور اعلیٰ ترین مقاصد کے حصول کے لئے جان کی بازی لگا دینے کی وہ روایت قائم کی، جو ہر دور میں صراط مستقیم پر چلنے والوں کے لئے ایک روشن مثال ہے، امام حسینؓ کی اس عظیم قربانی سے ہمیں بہت کچھ سیکھنے کو ملتا ہے۔ گورنر سندھ نے کہا کہ شہدائے کربلا نے اپنے قول وفعل سے حق وصداقت کی راہ میں جانثاری کی عظیم تاریخ رقم کی، انہوں نے پوری استقامت سے دین حق کی سربلندی لئے اپنی جان قربان کردی لیکن یزیدیت کے سامنے سرنگوں نہیں کیا، یہ عظیم الشان قربانی آج مسلمانان عالم کے لئے سب سے امتیاز ہے۔ گورنر سندھ نے کہا کہ کربلا کے میدان (بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد: پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر مرکزی رہنما و وزیر دفاع خواجہ آصف گفتگو کر رہے ہیں

مختلف شہروں میں موبائل فون سروس بند ہونا شروع ہوگئی

کوئٹہ، نوابشاہ، ڈی آئی خان، کشمور، جیکب آباد، موبائل فون سروس معطل ہوگئیں

اسلام آباد میں بھی 9 اور 11 محرم الحرام کو موبائل فون سروس بندر کھنے کا فیصلہ کیا گیا

لاہور (نیوز رپورٹر) حکومت نے 9 اور 10 محرم الحرام کو ملک کے مختلف اضلاع میں موبائل فون سروس بند کرنے کا فیصلہ کیا تھا جس پر عملدرآمد شروع کر دیا گیا۔ مختلف شہروں میں موبائل فون سروس بند ہونا شروع ہوگئی۔ کوئٹہ، نوابشاہ، ڈی آئی خان، کشمور، جیکب آباد سمیت دیگر اضلاع میں موبائل فون سروس معطل ہوگئیں اور گردونواح میں موبائل فون سروس بند ہوگئی وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بھی 9 اور 11 محرم الحرام کو موبائل فون سروس بندر کھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزارت داخلہ نے مو (بقیہ نمبر 27)

گھریلو ملازمہ تشدد کیس: متاثرہ بچی اور والد کا بیان قلمبند، مزید دفعات شامل

ذرائع کے مطابق سول جج کی جانب سے پولیس سے رابطہ بھی کیا گیا ہے

بچی کے سر میں زخم کے باعث کیڑے پڑ چکے تھے جبکہ پھیپھڑے اور گردے بھی متاثر تھے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سول جج کی اہلیہ کے گھریلو ملازمہ پر تشدد کیس میں اہم پیش رفت ہوئی، اسلام آباد پولیس نے متاثرہ بچی کے بیان کے بعد مزید دفعات شامل کر دیں۔ اسلام آباد پولیس نے مقدمے میں دفعہ 328 اے بھی شامل کردی، پولیس ٹیم کی جانب سے ملازمہ کے آبائی گھر بھی دورہ کیا، پولیس ٹیم نے ملازمہ کی بہن اور چچا، چچی سے ملاقات کی۔ ذرائع کے مطابق سول جج کی جانب سے پولیس سے رابطہ بھی کیا گیا ہے، سول جج نے پولیس کو شامل تفتیش ہونے کی یقین دہانی کرا (بقیہ نمبر 28)

مریدکے: مریدکے: بیکری میں سلنڈر دھماکہ، 11 افراد زخمی، عمارت تباہ، تصویری مناظر

پنجاب میں سی ٹی ڈی کا آپریشن، کالعدم تنظیم کے 10 مطلوب

خفیہ آپریشن لاہور، ملتان، ڈی جی خان اور اٹک میں کیے گئے ہیں، ترجمان سی ٹی ڈی

لاہور (حصوصی رپورٹر) کاؤنٹر ٹیررزم ڈیپارٹمنٹ) سی ٹی ڈی (پنجاب نے صوبے کے مختلف علاقوں میں کارروائیوں کے دوران کالعدم تنظیم کے 10 مطلوب دہشت گردوں کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق خفیہ آپریشن لاہور، ملتان، ڈی جی خان اور اٹک میں کیے گئے ہیں، گرفتار دہشت گردوں کے قبضے سے بارودی مواد، ڈیٹونیٹرز اور اسلحہ بھی برآمد کرلیا گیا۔ ترجمان سی ٹی ڈی کا کہنا ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف مقدمات درج کر کے تفتیش جاری ہے۔ دوسری جانب سی ٹی ڈی (بقیہ نمبر 33)

کچہ میں پولیس سے مقابلہ میں اشتہاری ڈاکوؤں جانو اندھڑ اور مشی اندھڑ سمیت 6 ڈاکو ہلاک

رحیم یار خان (اسپیشل رپورٹر) کچہ میں پولیس سے مقابلہ کیدوران اشتہاری ڈاکوؤں جانو اندھڑ اور مشی اندھڑ سمیت 6 ڈاکو ہلاک ہوگئے۔ ترجمان پولیس کیمطابق کچہ میں پولیس اور ڈاکوؤں کیدرمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا جہاں 4 خطر (بقیہ نمبر 32)

ترجمان استحکام پاکستان پارٹی کا حافظ حمداللہ کی آئی پی پی پر تنقید کا جواب

حافظ حمداللہ زرداری اور نواز شریف کا غصہ آئی پی پی پر مت نکالیں

جے یو آئی اپنے خلاف پی ڈی ایم میں ہونے والی سازشوں پر نظر رکھیں، فیاض الحسن چوہان

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) استحکام پاکستان پارٹی کے ترجمان فیاض الحسن چوہان نے پی ڈی ایم کے ترجمان حافظ حمداللہ کی آئی پی پی پر تنقید کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ حافظ حمداللہ زرداری اور نواز شریف کا غصہ آئی پی پی پر مت نکالیں۔ فیاض الحسن چوہان نے مزید کہا کہ اگر دبئی پلان میں مولانا فضل الرحمٰن کو اعتماد میں نہیں لیا تو آئی پی پی کا کوئی قصور نہیں۔ استحکام پاکستان پارٹی کے کسی رہنماء نے مفاد کے لیے پارٹی نہیں چھوڑی۔ 9 مئی کی دہشت گردی نے ہمیں اپنی سیاست اور ریاست کو بچانے پر مجبور کیا۔ فیاض چوہان نے کہا کہ حافظ حمداللہ آئی پی پی پر تنقید کر کے وقت کا ضیاع مت کریں۔ جے یو آئی اپنے خلاف پی ڈی ایم میں ہونے والی سازشوں پر نظر رکھیں۔ آئی پی پی پاکستان کی تعمیروترقی اور استحکام پر یقین رکھتی ہے۔ خیال رہے کہ ترجمان پی ڈی ایم اور جے یو آئی ف کے رہنما حافظ حمداللہ نے استحکام پاکستان پارٹی اور پرویز خٹک کی جماعتوں کو مفاد پرستوں کا ٹولہ قرار دیا تھا۔ حافظ حمد اللہ نے کہا کہ (بقیہ نمبر 31)

لاہور ملتان موٹروے پر بس اور ٹرالر میں تصادم، ایک مسافر جاں بحق، 15 زخمی

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) لاہور ملتان موٹروے ایم تھری پر تیز رفتار بس کے بے قابو ہوکر ٹرالر سے ٹکرانے کے نتیجے میں ایک مسافر جاں بحق اور 15 زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ملتان موٹروے ایم تھری سمندری انٹر چینج کے (بقیہ نمبر 30)

موبائل اور پیسے چھیننے والے 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ایبٹ آباد پولیس

ضلعی پولیس سربراہ عمر طفیل کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں

ایبٹ آباد (جنرل رپورٹر) ایبٹ آباد پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران منشیات فروش سمیت موبائل اور پیسے چھیننے والے 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ایبٹ آباد پولیس کے مطابق ضلعی پولیس سربراہ عمر طفیل کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں۔ تھانہ نواں شہر کی حدود میں دو مختلف واقعات میں موبائل اور پیسے چھیننے والے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پہلی کارروائی کے دوران ایس ایچ او نواں شہر سردار واجد نے الیاسی مسجد سے شہری کا موبائل اور رقم چھیننے والے (بقیہ نمبر 29)

10 محرم الحرام کے لیے راولپنڈی پولیس کے سیکورٹی انتظامات

6000 سے زائد افسران واہلکار سکیورٹی فرائض سرانجام دیں گے

1000 کے قریب ٹریفک سٹاف ٹریفک کی روانی کو یقینی بنائے گا

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) 10 محرم الحرام کے لیے راولپنڈی پولیس کے سیکورٹی انتظامات، 6000 سے زائد افسران واہلکار سکیورٹی فرائض سرانجام دیں گے، 1000 کے قریب ٹریفک سٹاف ٹریفک کی روانی کو یقینی بنائے گا، مرکزی جلوس پر 3000 سے زائد افسران واہلکار سکیورٹی فرائض سرانجام دیں گے، دیگر مجالس/جلوسوں پر 2000 سے زائد افسران اہلکار سکیورٹی فرائض سرانجام دیں گے، سیکورٹی اہلکاروں کے علاوہ 2200 سے زائد رضا کار بھی فرائض سرانجام دیں گے، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ جلوس کے انٹری پوائنٹس پر واک تھرو گیٹس لگائے جائیں گے، جلوس/مجالس میں آنے والے شرکاء کو مکمل باڈی سرچ کے بعد ہی داخلے کی اجازت ہوگی، جلوس کی سیکورٹی کیلئے روف ٹاپ پر ماہر نشانہ باز تعینات ہوں گے، جلوس کے آغاز سے قبل روٹ کی سرچنگ اور سوئپنگ کی جائے گی، جلوس کے روٹ پر گلیوں، سڑکوں اور دیگر راستوں کو سیل کیا جائے گا، محرم الحرام کے دوران (بقیہ نمبر 34)

گورنر سندھ کا صوبہ بھر میں محرم الحرام کے جلوسوں کی رہنمائی اور سیکورٹی پر معمور اسکاؤٹس تنظیموں کے ساتھ اجلاس

کراچی (نیوز رپورٹر) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے صوبہ بھر میں محرم الحرام کے جلوسوں کی رہنمائی اور سیکورٹی پر معمور اسکاؤٹس تنظیموں کے ساتھ آن لائن اجلاس کیا۔ گورنر سندھ نے اہم مواقعوں پر اسکاؤٹس کی خدمات کی تعریف کی، گورنر سندھ نے انہیں صوبہ بھر کے جلوسوں کی رہنمائی کا فریضہ احسن طریقہ سے انجام دینے کی بھی ہدایت کی، انہوں نے کہا کہ جلوس کے روٹس کی پابندی، نظم وضبط برقرار رکھنے میں اسکاؤٹس کا اہم کردار ہے، کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ محرم الحرام کے (بقیہ نمبر 35)

چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی، مرزا محمد آفریدی کا یوم عاشورہ پر پیغام

امام حسینؓ خوف خدا، فیاضی وسخاوت، زہد وتقویٰ، شجاعت و بہادری جیسے اعلیٰ ترین اوصاف کے حامل تھے

واقعہ کربلا ہمیں اعلیٰ مقاصد کے حصول کی خاطر ایثار وقربانی، صبر واستقامت کا وہ درس دیتا ہے؛ محمد صادق سنجرانی

اسلام آباد (خبر نگار) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی و ڈپٹی چیئرمین سینیٹ مرزا محمد آفریدی نے یوم عاشورہ کے موقع پر قوم کے نام اپنے پیغام میں کہا ہے کہ یوم عاشورہ ہمیں اس عظیم قربانی کی یاد دلاتا ہے جو نواسہ رسول ﷺ حضرت امام حسینؓ نے اپنے اہل بیت اطہار اور رفقائے کار کے ساتھ میدان کربلا میں دین کی حفاظت وحرمت کے لئے پیش کی۔ حضرت امام حسینؓ کی عظیم قربانیوں سے ہمیں زندگی کے ہر شعبے میں رہنمائی ملتی ہے اور اگر نواسہ رسول ﷺ کی جدوجہد کے ان پہلوؤں کو ملحوظ خاطر رکھ کر اپنے راستے کا تعین کیا جائے تو معاشرے کو درپیش مسائل پر آسانی سے قابو پایا جا سکتا ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ (بقیہ نمبر 38)

پشاور: جمرود کی علی مسجد میں ہونیوالی دہشتگردی بزدلانہ حملہ ہے: علماو مشائخ

اسلامیہ یونیورسٹی کے طلبہ اور فیکلٹی ممبران کو ہراساں کرنے کا معاملہ، فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی تشکیل

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) اسلامیہ یونیورسٹی کے طلبہ اور فیکلٹی ممبران کو مبینہ ہراساں کرنے پر پیشرفت ہوئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے طلبہ اور فیکلٹی ممبران کو مبینہ ہراساں کرنے کے معاملے پر ہائیر ایجوکیشن کمیشن نے فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ کمیٹی میں پرو وائس چانسلرز بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی ملتان اور ریکٹر نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی شامل ہیں۔ ریکٹر (بقیہ نمبر 37)

تشدد کا شکار کمسن ملازمہ کی طبیعت سنبھلنے لگی، ڈاکٹرز نے 14 سالہ رضوانہ کی خوراک کی نالی ہٹادی

لاہور (جنرل رپورٹر) مبینہ تشدد کا شکار ہونے والی 14 سالہ رضوانہ جنرل اسپتال میں زیر علاج ہے۔ ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ متاثرہ بچی کی حالت سنبھلنے لگی ہے اور اب خوراک کی نالی بھی ہٹادی گئی ہے۔ میڈیکل بورڈ کی جانب سے رضوانہ کا روزانہ کی بنیاد پر چیک اپ کیا جاتا ہے اور علاج پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ متاثرہ بچی کی والدہ نے اعلیٰ حکام سے انصاف کی اپیل کی ہے۔ پولیس نے لڑکی اور اس (بقیہ نمبر 36)



GOVERNMENT OF PAKISTAN
Federal Ombudsman Secretariat
for Protection Against Harassment (FOSPAH)
وفاقی محتسب سیکرٹریٹ برائے انسداد ہراسیت (ریجنل آفس کراچی)
Name AHSAN AHMED JATOI
Designation REGIONAL COMMISSIONER (KARACHI)
Issue Date 01-06-2021
Validity Date 31-05-2022
Authorized Signature
Ajata
Holder's Signature

اسلام آباد: تھانہ انڈسٹریل ایریا کی حدود سے ایڈووکیٹ احسان احمد جتوئی کی فائل فوٹو اور بمعہ کارڈ کی تصویر نمایاں ہے

تھانہ انڈسٹریل ایریا کی حدود سے ایڈووکیٹ احسان احمد جتوئی کو نامعلوم افراد نے اغوا کرلیا

ایس ایچ او تھانہ آئی نائن سب انسپکٹر آصف خان نے مغوی وکیل کی اہلیہ سے درخواست لینے سے انکار کر دیا

ایڈووکیٹ احسان احمد جتوئی فوسپا ریجنل کمشنر سندھ بھی رہ چکے ہیں۔ اغواہ کاروں نے خود کو تھانہ آئی نائن کا ایس ایچ او اور اہلکار ظاہر کیا

گزشتہ رات تقریبا ساڑھے بارہ بجے تین ویگو ڈالے میں موجود تقریبا آٹھ لوگ گھر کے اندر داخل ہوکر ایڈووکیٹ احسان احمد جتوئی کو اغواہ کرکے لے گئے

اسلام آباد (احمد ضمیر سے) تھانہ انڈسٹریل ایریا کی حدود سے ایڈووکیٹ احسان احمد جتوئی کو نامعلوم افراد نے اغوا کرلیا۔ ایس ایچ او تھانہ آئی نائن سب انسپکٹر آصف خان نے مغوی وکیل کی اہلیہ سے درخواست لینے سے انکار کر دیا۔ مغوی وکیل احسان احمد جتوئی کی اہلیہ کے مطابق ہم گزشتہ بیس سال سے آئی ایٹ فور میں مقیم ہیں۔ گزشتہ رات تقریبا ساڑھے بارہ بجے تین ویگو ڈالے میں موجود تقریبا آٹھ لوگ گھر کے اندر داخل ہو کر ایڈووکیٹ احسان احمد جتوئی کو اغواہ کر کے لے گے۔ ایڈووکیٹ احسان احمد جتوئی فوسپا ریجنل کمشنر سندھ بھی رہ چکے ہیں۔ اغواہ کاروں نے خود کو تھانہ آئی نائن کا ایس ایچ او اور اہلکار ظاہر کیا۔ اغوا کار جدید اسلحہ سے لیس تھے اور زبردستی گھر میں داخل ہوئے۔ ایڈووکیٹ احسان احمد جتوئی کی اہلیہ نے وزیر داخلہ رانا ثناالله، آئی جی اسلام آباد ڈاکٹر اکبر ناصر اور ڈی آئی جی آپریشن شہزاد ندیم بخاری سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

بابوسر ٹاپ کے قریب سیاحوں کی گاڑی کو خوفناک حادثہ

حادثے کے نتیجے میں 8 افراد جاں بحق اور 4 افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) بابوسر ٹاپ کے علاقے گیتی داس کے مقام پر سیاحوں کی گاڑی کو خوفناک حادثہ پیش آیا ہے۔ سیاحوں کی گاڑی کو پیش آنے والے حادثے میں 8 افراد جان کی بازی ہار گئے جب کہ چار افراد زخمی ہوگئے۔ واقعے سے متعلق اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی گاڑی روانہ کر دی گئی تھی۔ ریسکیو ذرائع کا کہنا ہے کہ زخمیوں کو چلاس منتقل کیا جارہا ہے۔ سیاحوں میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔ دوسری جانب مانسہرہ پولیس نے سوشل میڈیا پر گزشتہ روز وائرل ہونے والی ویڈیو سے متعلق وضاحت کرتے ہوئے بتایا ہے کہ یہ واقعہ مانسہرہ پولیس حدود کا نہیں بلکہ بابو سر ٹاپ (بقیہ نمبر 41)

سیالکوٹ، نئی پوسٹل سروس "یو ایم سی اوورنائٹ سروس" کا افتتاح کردیا

سیالکوٹ (نیوز رپورٹر) سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ڈیپارٹمینٹل کمیٹی برائے پوسٹ آفس وٹیلی کمیونیکیشن کے چیئرمین سلیم اختر بھٹہ نے چیف پوسٹ ماسٹر سیالکوٹ (بقیہ نمبر 40)

چیک ڈس آنر کے مقدمات میں مطلوب 02 اشتہاری مجرمان گرفتار

اشتہاری مجرم گزشتہ سال سے نیوٹاؤن پولیس کو مطلوب تھا، راول ڈویژن پولیس

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) راول ڈویژن پولیس کی کاروائی، چیک ڈس آنر کے مقدمات میں مطلوب 02 اشتہاری مجرمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق نیوٹاؤن پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم صدیق انجم کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرم گزشتہ سال سے نیوٹاؤن پولیس کو مطلوب تھا، پیرودھائی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر (بقیہ نمبر 39)

ساہیوال: وین حادثے میں جاں بحق ہونیوالے افراد ساہیوال کے رہائشی، تعلق ایک ہی خاندان سے ہے

دریائے ستلج کے کنارے متاثرافراد کی امداد کیلئے الخدمت فاؤنڈیشن عارفوالا نے فلڈ ریلیف کیمپ قائم کردیا

عارف والا (جنرل رپورٹر) دریائے ستلج کے کنارے متاثر افراد کی امداد کیلئے الخدمت فاؤنڈیشن عارفوالا نے فلڈ ریلیف کیمپ قائم کردیا ریسکیو کے اشتراک سے سیلاب زدگان کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کیلئے فلڈ ریلیف کیمپ میں دو عدد موٹر بوٹ، ایک ڈائیگناسٹک، میڈیکل یونٹ اور ایک ایمبولینس فوری طور پر فراہم کردی گئی ہے (بقیہ نمبر 42)

جمرود کی علی مسجد میں ہونیوالی دہشتگردی بزدلانہ حملہ ہے: علماو مشائخ

دہشت گردوں کے بزدلانہ حملہ پر علما اور مشائخ نے شدید ردعمل ظاہر کیا

پشاور (خصوصی رپورٹر) جمرود کی علی مسجد میں ہونے والے دہشت گردوں کے بزدلانہ حملہ پر علما اور مشائخ نے شدید ردعمل ظاہر کیا، انہوں نے ایسے خودکش حملوں کو غیر شرعی، غیر اسلامی اور ناجائز قرار دیا ہے۔ پشاور میں علما مشائخ نے مشترکہ بیان میں جمرود کی علی مسجد میں ہونے والی دہشت گردی کو بزدلانہ حملہ قرار دیا اور واقعہ کی شدید مذمت کی۔ علماو مشائخ کا کہنا تھا کہ خیبر میں واقع مسجد پر خودکش حملے میں ایس ایچ او عدنان آفریدی نے قیمتی جان کی قربانی دے کر انسانیت کو سرخرو کیا۔ اسلامی سکالرز نے مزید کہا کہ خودکش حملوں کی نہ تو قرآن اجازت دیتا ہے اور علما بھی یقینی طور پر اسے ناجائز سمجھتے ہیں، ایسے اعمال کرنے والے اللہ کی سزا کے مستحق ہیں۔ خیال رہے کہ جمرود مسجد میں ہونے والی دہشتگردی کے واقعے پر آج ملک بھر میں یوم مذمت منایا جارہا ہے۔ خودکش حملوں کی نہ تو قرآن اجازت دیتا ہے اور علما بھی یقینی طور پر اسے ناجائز سمجھتے ہیں، ایسے اعمال کرنے والے اللہ کی سزا کے مستحق ہیں۔ خیال رہے کہ جمرود مسجد (بقیہ نمبر 43)

واقعہ کربلا تمام انسانوں کے لئے مشعل راہ ہے؛ ڈاکٹر بی اے خرم

محرم الحرام ہمیں باہمی رواداری، اخوت ومحبت اور اتحاد واتفاق کا درس دیتا ہے

کربلا کے میدان میں حق وباطل کا معرکہ مسلمانوں کو ظلم اور بربریت کیخلاف جہاد کرنے کا درس دیتا ہے

بورے والا (خبر نگار) چیف ایڈیٹر یونی ویژن نیوز پاکستان ڈاکٹر بی اے خرم نے کہا ہے کہ محرم الحرام ہمیں باہمی رواداری، اخوت ومحبت اور اتحاد واتفاق کا درس دیتا ہے، واقعہ کربلا تمام انسانوں کے لئے مشعل راہ ہے۔ یوم عاشور کی مناسبت سے اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ نواسہ رسولؐ حضرت امام حسینؓ اور شہدائے کربلا کی عظیم قربانیوں نے دین اسلام کے آفاقی اصولوں صبر، برداشت اور قربانی کو قیامت تک کیلئے زندہ کردیا ہے۔ کربلا کے میدان میں حق وباطل کا معرکہ مسلمانوں کو ظلم اور بربریت کیخلاف جہاد کرنے کا درس دیتا ہے۔ حضرت امام حسینؓ اور ان کے جانثار ساتھیوں نے لازوال قربانیاں دے (بقیہ نمبر 44)

اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ کا رتیاں سیداں میں جلوس کے روٹ کا دورہ، انتظامات کا جائزہ لیا

سیالکوٹ (جنرل رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ غلام سرور نے چیف آفیسر ضلع کونسل کے ہمراہ محرم الحرام کے سلسلہ میں رتیاں سیداں میں جلوس کے روٹ کا دورہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے سیوریج کے پانی کے مسائل کا نوٹس لیتے ہوئے فوری حل کرنے کے لیے متعلقہ حکام کو احکامات صادر کیے اور چیف آفیسر ضلع کونسل (بقیہ نمبر 45)

خیبر پختونخوا میں محرم الحرام کے دوران خصوصی انتظامات

جلوسوں وغیرہ کی آمد اور اختتام پر پولیس کی بھاری نفری فرائض سرانجام دے رہے ہیں

محرم کے دوران اسلحہ کی نمائش، ڈبل سواری اور گاڑیوں کے کالے شیشوں کے استعمال پر پابندی عائد

پشاور (جنرل رپورٹر) محرم الحرام کے دوران صوبہ خیبر پختونخوا میں خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں، ایام عاشورہ (نویں اور دسویں محرم الحرام) کے دوران ڈی آئی خان، ہنگو، اورکزئی، کرم، کوہاٹ، پشاور، ٹانک، بنوں، ہری پور، مانسہرہ، مردان، نوشہرہ، لکی مروت اور ایبٹ آباد میں موبائل سروس اور انٹرنیٹ کی سہولت معطل ہے، حساس اضلاع/امام بارگاہوں، جلوسوں وغیرہ کی آمد اور اختتام پر پولیس کی بھاری نفری فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ محکمہ پولیس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے حساس اضلاع میں حفاظتی کیمروں سے ہمہ وقت نگرانی کر رہے ہیں محرم کے دوران پیسکو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے پہلے ہی مطلع کیا جا چکا ہے اس کے علاوہ محکمہ ریلیف ریسکیو 1122 کی خصوصی خدمات فراہم کر رہے ہیں محکمہ صحت نے بھی ہنگامی بنیادوں پر طبی سہولیات اور طبی عملہ کی خصوصی ڈیوٹیاں لگائی ہیں ٹی ایم اے کی سطح پر بنیادی میونسپل سروسز کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا گیا ہے۔ دریں اثنا محرم الحرام کے دوران متعلقہ ڈپٹی کمشنرز نے دفعہ 144 نافذ کر دیا ہے محرم کے دوران اسلحہ کی نمائش، ڈبل سواری اور گاڑیوں کے کالے شیشوں کے استعمال پر پابندی عائد ہے۔ جلوسوں اور امام بارگاہوں کے راستوں (بقیہ نمبر 46)

سرکاری اسکیم کے تحت حج کرنے والوں کو مزید 12 ارب روپے واپس کرنے کا فیصلہ

سرکاری اسکیم پر حج کرنے والوں کو 97 ہزار روپے فی کس واپس کیے جائیں گے، رقوم کی واپسی پیر سے شروع ہوجائے گی

وفاقی وزیر مذہبی آمور طلحہ محمود نے کہا کہ اس سال حج کی تیاری کیلئے ہماری وزارت کو وقت بہت کم ملا اس کے باوجود ہم نے بھرپور محنت کی

اسلام آباد (نامہ نگار) سرکاری اسکیم پر حج کرنے والوں کو 97 ہزار روپے فی کس واپس کرنے کا اعلان کردیا گیا۔ میڈیا کے مطابق وزارت مذہب امور نے سرکاری اسکیم کے تحت حج کی سعادت حاصل کرنے والے حجاج کرام کو مزید 12 ارب روپے واپس کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ وزارت مذہب امور کا کہنا ہے کہ سرکاری حج اسکیم کے تحت حج پر جانے والے ہر حاجی کو 97 ہزار روپے فی کس کے حساب سے رقوم کی واپسی پیر سے شروع ہو جائے گی۔ وزارت مذہبی امور نے اس حوالے سے مزید بتایا ہے کہ منٰی میں جگہ نہ ملنے اور ٹرین کی سہولت سے مستفید نہ ہونے والے 22 ہزار 600 حاجیوں کو 21 ہزار روپے فی کس کے حساب سے اضافی رقم واپس کی جائے گی۔ جب کہ مدینہ منورہ میں مرکز سے باہر رہائش اختیار کرنے والے 18 ہزار حاجیوں کو 14 ہزار روپے فی کس کے حساب سے اضافی رقم واپس کی جائے گی۔ قبل ازیں وفاقی وزیر مذہبی امور سینیٹر طلحہ محمود نے کہا ہے کہ سرکاری اسکیم کے تحت فریضہ حج ادا کرنے والے (بقیہ نمبر 47)

فیصل آباد پرانی دشمنی پر مخالفین نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کردیا

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد تھانہ ترکھانی کے علاقہ میں 527 گ۔ب میں پرانی دشمنی پر مخالفین نے فائرنگ کر کے عادل حسین کو قتل کردیا۔ مقتول کے بھائی خالق نے پولیس کو بتایا کہ میرا بھائی گھر سے ڈیرے پر جا رہا (بقیہ نمبر 48)

پی ٹی آئی رہنما سیمابیہ طاہر کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد

سیمابیہ طاہر کو شناخت پریڈ کے لیے 3 اگست تک اڈیالہ جیل منتقل کر دیا گیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کی سابق رکن صوبائی اسمبلی سیمابیہ طاہر کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد کردی گئی۔ پی ٹی آئی کی سابق ایم پی اے کو مقامی عدالت میں پیش کیا گیا۔ سیمابیہ طاہر کو مجسٹریٹ خالد حیات کی عدالت میں پیش کیا گیا۔ سیمابیہ طاہر کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد کر دی گئی۔ سیمابیہ طاہر کو شناخت پریڈ کے لیے 3 اگست تک اڈیالہ جیل منتقل کر دیا گیا۔ (بقیہ نمبر 52)

تھانہ سٹی پولیس کی کاروائی محرم الحرام میں لاہور سے لانے والا شراب فروش گرفتار 415 بوتلیں برآمد

عارف والا (کرائم رپورٹر) تھانہ سٹی پولیس کی کاروائی محرم الحرام میں لاہور سے لانے والا شراب فروش گرفتار 415 بوتلیں برآمد تفصیلات کے مطابق نواحی گاؤں 147/EB کے نزدیک لاہور سے عارفوالا شراب فروخت کیلئے لائی جارہی (بقیہ نمبر 51)

انسداد دہشت گردی کی عدالت نے قتل کرنے والے 2 مجرمان کو سزائے موت، عمر قید وجرمانہ کی سزا سنادی

فیصل آباد (کرائم رپورٹر) انسداد دہشت گردی کی عدالت نے مخالف کو تحصیل کچہری سمندری کے احاطے میں قتل کرنے والے 2 مجرمان کو سزائے موت و جرمانہ کی سزا سنادی ہے۔ استغاثہ کے مطابق 11 ستمبر 2022 کو ایڈیشنل ڈسٹرکٹ (بقیہ نمبر 53)

لیاقت پور: دریائے چناب میں پانی کی سطح بلند، زمیندارہ بند ٹوٹ گیا، فصلیں تباہ، تصویری مناظر

پنجاب میں آج طوفانی بارشوں کا امکان، پہاڑی علاقوں میں طغیانی کا خدشہ

بلوچستان میں طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلوں سے متعدد مقامات پر حفاظتی بند ٹوٹ گئے

آواران میں متعدد گاڑیاں برساتی ریلے میں بہہ گئیں، مقامی افراد نے خواتین اور بچوں سمیت 31 افراد کو ریسکیو کرلیا

لاہور/کوئٹہ (جنرل رپورٹر) پنجاب میں آج طوفانی بارشوں کا امکان ہے، ڈیرہ غازی خان کے پہاڑی علاقوں میں طغیانی کا خدشہ ہے۔ بلوچستان میں طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلوں سے متعدد مقامات پر حفاظتی بند ٹوٹ گئے، کچے مکانات مٹی کا ڈھیر بن گئے ہیں جبکہ فصلیں تباہ اور نشیبی علاقے زیر آب آچکے ہیں۔ آواران میں متعدد گاڑیاں برساتی ریلے میں بہہ گئیں، مقامی افراد نے خواتین اور بچوں سمیت 31 افراد کو ریسکیو کرلیا، کوئٹہ اور کوہلو سمیت بلوچستان کے مختلف شہروں میں رات گئے بھی بارش کا سلسلہ وقفے وقفے سے جاری ہے۔ محکمہ موسمیات نے ملک کے بیشتر حصوں میں آئندہ 3 روز کے دوران مون سون کی بارشوں کی شدت میں اضافے کی پیش گوئی کی ہے، بارشوں کا سلسلہ 30 جولائی تک وقفے وقفے سے جاری رہے گا۔ دوسری جانب پی ڈی ایم اے نے بارشوں کے دوران شہریوں کو احتیاط برتنے کی ہدایت کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے ملک کے بیشتر حصوں میں آئندہ 3 روز کے دوران مون (بقیہ نمبر 54)

فیصل آباد 2 روز قبل اغوا ہونے والے 35 سالہ شخص کی نہر سے نعش برآمد، قتل کے ملزمان گرفتار

فیصل آباد (کرائم رپورٹر) فیصل آباد 2 روز قبل اغوا ہونے والے 35 سالہ شخص کی نہر سے نعش برآمد، پولیس نے اندھے قتل کے ملزمان گرفتار کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق فیصل آباد میں تھانہ ملت ٹاؤن کے علاقہ سے 2 روز قبل اغوا ہونے والے 35 سالہ وسیم اختر کی نعش نہر سے برآمد کرلی گئی۔ پولیس نے اغواء کے بعد اندھے قتل کی (بقیہ نمبر 50)

ق لیگ کے صوبائی امیدوار میاں اللہ یار کو نجی ہوٹل میں قتل کر دیا گیا

گزشتہ رات کو مقتول کو مبینہ طور پر اسلام آباد کے ہوٹل کی چوتھی منزل سے نیچے پھینکا گیا

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) ساہیوال سے ق لیگ کے صوبائی امیدوار میاں اللہ یار کو نجی ہوٹل میں قتل کر دیا گیا۔ ابتدائی میڈیا رپورٹس میں یہ بھی بتایا گیا تھا کہ ضلعی لیگی رہنما پلازے کی چھت سے گر کر جاں بحق ہو گئے تھے۔ میاں اللہ یار دیگر تین ساتھیوں کے ہمراہ اسلام آباد میں مقیم تھے۔ پولیس نے متوفی کے تینوں ساتھیوں کو بھی تحویل میں لے لیا ہے جن سے تفتیش جاری ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ زیر حراست افراد کا میڈیکل کروا کر تحقیقات کی جائیں گی۔ پولیس کا یہ بھی کہنا ہے کہ میاں اللہ یار کاروبار کے سلسلے میں نجی ہوٹل میں ٹھہرے ہوئے تھے۔ گذشتہ رات کو مقتول کو مبینہ طور پر ہوٹل کی چوتھی منزل سے نیچے پھینکا گیا۔ میاں اللہ یار کا کاروباری معاملات پر دیگر پارٹنرز سے تلخ کلامی اور جھگڑا تھا۔ معمولی جھگڑے پر تلخ کلامی ہوئی جس کے بعد مبینہ طور پر انہیں چوتھی منزل سے نیچے پھینک کر قتل کر دیا گیا۔ جن سے تفتیش جاری ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ زیر حراست افراد کا میڈیکل کروا کر تحقیقات کی جائیں گی۔ پولیس کا یہ بھی (بقیہ نمبر 49)

الیکشن کمیشن آف پاکستان
ELECTION COMMISSION OF
PAKISTAN

لاہور: توہین الیکشن کمیشن کیس: چیئرمین پی ٹی آئی ذاتی حیثیت میں طلب

جولائی 2023 زمین کی تاریخ کا گرم ترین مہینہ

جولائی ریکارڈ شدہ تاریخ کا گرم ترین مہینہ ہوگا، اقوام متحدہ

کراچی (نیوز رپورٹر) اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ جولائی 2023 دنیا کا گرم ترین مہینہ ہونے کا امکان ہے۔ اقوام متحدہ اور یورپی یونین کے مبصرین کے مطابق جولائی ریکارڈ شدہ تاریخ کا گرم ترین مہینہ ہوگا، انہوں نے متنبہ کیا کہ یہ دنیا کے آب وہوا کے مستقبل کا ذائقہ ہے۔ گلوبل وارمنگ کی وجہ سے شدت اختیار کرنے والی شدید گرمی نے رواں ماہ یورپ، ایشیا اور شمالی امریکا کے کچھ حصوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے، جس کے بعد کینیڈا اور جنوبی یورپ کے کچھ حصوں میں جنگلات کی آگ بھڑک اٹھی (بقیہ نمبر 55)

100 ہائر سیکنڈری سکولوں کو سولر پر منتقل کرنے کا فیصلہ

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ حکومت پنجاب کی جانب سے فیصل آباد سمیت صوبہ بھر کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کو جاری کردہ مراسلے میں بتایا گیا ہے کہ حکومت پنجاب کی جانب سے صوبہ بھر کے 100 ہائر سیکنڈری سکولوں (بقیہ نمبر 56)

راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی

04 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ وایمونیشن برآمد، مقدمات درج

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیوں میں مزید تیزی لائی جارہی ہے، ڈویژنل ایس پیز

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائی، 04 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ وایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے ملزم عدنان سے 10 لیٹر شراب، سول لائنز پولیس نے ملزم محمد فاروق سے 01 پسٹول 30 بور معہ ایمونیشن، ٹیکسلا پولیس نے ملزم نجیب خان سے 01 پسٹول 30 بور معہ ایمونیشن، کلر سیداں پولیس نے ملزم مظہر اقبال سے 01 پسٹول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ جرائم پیشہ عناصر کے (بقیہ نمبر 58)

ایڈیشنل آئی جی کراچی جاوید عالم اوڈھو کا مختلف امام بارگاہوں کا دورہ

عوام کو تحفظ کی فراہمی میں کسی بھی طرح کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، جاوید عالم اوڈھو

کراچی (سٹی رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی کراچی جاوید عالم اوڈھو کی جانب سے شہر کی مختلف امام بارگاہوں کا دورہ کیا گیا۔ پولیس کے ترجمان کے مطابق ایڈیشنل آئی جی کراچی جاوید عالم اوڈھو نے حسینیہ ایرانیاں امام بارگاہ بغدادی کراسنگ، باڑا امام بارگاہ کھارادر، امام بارگاہ پی ای سی ایچ ایس، عباس ٹاؤن، امام بارگاہ یثرب اور امام بارگاہ صبا ایونیو کا دورہ کیا۔ کراچی پولیس چیف نے (بقیہ نمبر 59)

تشدد کا شکار بچی کا بیان قلم بند چائلڈ لیبر جرم، عوام ایسے کسی بھی واقعے کی اطلاع 15 پر دیں، ترجمان پولیس

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) تشدد کا شکار ملازمہ بچی کا بیان قلم بند کرلیا گیا۔ ترجمان اسلام آباد پولیس نے ایک بیان میں کہا ہے کہ جج کی بیوی کے تشدد کا شکار ملازمہ بچی اور اس کے والد کا بیان قلم بند کرلیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق بچی (بقیہ نمبر 57)

ایڈیٹر انچیف ۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035